
عملی کتاب برائے
جماعت سوم

# اُردو




Progressive Education Network

172-اے احمد بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:042-35842554, 35847711

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | نمبر شمار | عنوانات |
|---|---|---|---|
| 1۔ | حمد (نظم) | 17۔ | ہم نے دیکھا ایک روبوٹ (نظم) |
| 2۔ | نعت (نظم) | 18۔ | ملکۂ کوہ سار کی سیر |
| 3۔ | بے مِثل ہے ذات رسول کریم ﷺ کی | 19۔ | دِل دِل پاکستان |
| 4۔ | اگر میں نہ ہوں تو! | 20۔ | قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ (نظم) |
| 5۔ | سب ہیں خاص | 21۔ | قُدرتی آفات (سنانے کا سبق) |
| 6 | چالاک لومڑی اور چنٹو مرغا (سنانے کا سبق) | 22۔ | بچّے کی دعا (نظم) |
| 7۔ | ہم کیوں بھول جاتے ہیں؟ | | |
| 8۔ | شام (نظم) | | |
| 9۔ | اللہ تعالیٰ کا انعام | | |
| 10۔ | جِس کا خواب تھا دِل کش | | |
| 11۔ | چار انوکھے دوست | | |
| 12۔ | ہم ایک ہیں (سنانے کا سبق) | | |
| 13۔ | پاک وطن ہے پاکستان (نظم) | | |
| 14۔ | حضرت خدیجۃُ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا | | |
| 15۔ | وہ کون تھا؟ | | |
| 16۔ | اور صلہ مِل گیا | | |


Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

# حمد

سبق 1

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ سوال سمجھ کر اس کا جواب دے سکیں۔ طلبہ جان سکیں کہ "حمد" کسے کہتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون کون سی نعمتیں دی ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے کہ ہمیں اللہ کی دی گئی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ بچوں کو ہم آواز الفاظ کی تعریف بتائیں۔ فعل ماضی کو پہچان سکیں اور فعل ماضی کے جملے لکھ سکیں۔ معنی کے لحاظ سے مُترادف الفاظ کو سمجھ کر بول اور لکھ سکیں۔ نظم کو پڑھ کر اُس کے متن سے متعلق سوالات کے جوابات دے سکیں۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| عَظمَت | | جہان / جہاں | |
| سَنسار | | قُدرت | |
| سَنوارے | | سَمے | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ نظم کے مطابق خالی جگہوں میں درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆وہ سارے________کا خدا ہے | ☆یہ کر رہے ہیں ہمیں________ |
| ☆خدا کی________کے گیت گاؤ | ☆خُدا کی________کے ہیں نظارے |
| ☆اُسی کی قُدرت نے ہیں________ | ☆خُدا کی کرتے ہیں________سارے |

3۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ پھول کہاں کھلتے ہیں؟ | |
| 2۔ حمد میں کِن چیزوں کو چراغ کہا گیا ہے؟ | |
| 3۔ اس نظم میں کِن کِن نظاروں کی بات کی گئی ہے؟ | |
| 4۔ خدا کی وحدت سے کیا مراد ہے؟ | |

دن:______ تاریخ:______

## ☆مل کر کریں بات

4۔اللہ تعالٰی نے ہمیں بے شمار نعمتیں دی ہیں۔ان نعمتوں کا شکر ہم کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

______

______

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر ہم آواز الفاظ بنائیں اور لکھیں۔

ب ن ا ______ ی

س ج ا ______ ی

سجائی | بنائی

ج ______ گ ل

م ______ گ ل

______ | ______

ج ______ گ ل

م ______ گ ل

______ | ______

ق ______ ب ل

ک ______ م ل

______ | ______

ن ا ______ ا

د ا ______ ا

______ | ______

Progressive Education Network

6۔ درج ذیل الفاظ معمہ میں سے تلاش کریں اور ان کے گرد دائرہ لگائیں۔

دوپہر، اونچا، درخت، روشنی، آرام، چادر، زور

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | ر | خ | ت | چ | ہ |
| ا | و | ن | چ | ا | آ |
| ص | ش | پ | ذ | د | ر |
| ط | ن | ض | ہ | ر | ا |
| ث | ی | ز | و | ر | م |


## ☆قواعد سیکھیں

7۔ الفاظ اور اُن کے مترادف چُن کر جوڑیوں کی صورت میں نیچے دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گُل | تاریکی | پُھول | اندھیرا | فلک | دُشوار |
| خُوب صورت | آسمان | نیک | حسین | مُشکل | اچھّا |

Progressive Education Network

8۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور اس سے متعلق فعل ماضی کے پانچ جملے کاپی میں لکھیں۔



______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس تصویر کے متعلق سات جملے لکھیں۔



______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

Pen
Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تصاویر پر مبنی ایک سکریپ بک (Scrap Book) تیار کریں اور کمرہ جماعت میں اُس کی نمائش کریں۔

# سبق 2 نعت

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ سوال سمجھ کر اس کا جواب دے سکیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی کریم ﷺ کی تعریف بیان کی جائے اُسے "نعت" کہتے ہیں۔ طلبہ کو بتایا جائے کہ حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟ کسی موضوع پر خود سے کم از کم سات مربوط جملے لکھ سکیں۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اُجالا | | اعلیٰ | |
| تبدیل ہونا | | حَق | |
| کَلام | | مَقام | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔

Progressive Education Network

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| گھٹا رحمتِ حق کی آخر اُٹھی | تباہی تھی دنیا پہ آئی ہوئی |
| بُرائی تھی ہر شے پہ چھائی ہوئی | کہ سب کے نبیؐ ہیں ہمارے نبیؐ |
| وہ مکّے میں جس وقت پیدا ہوئے | زمانے میں تشریف لائے نبیؐ |
| بڑی شان والے ہمارے نبیؐ | بُرے پوری دُنیا کے حالات تھے |

3۔ نعت کے مطابق درست الفاظ چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ☆وہ________میں جس وقت پیدا ہوئے | مدینے | مکّے |
| ☆وہ پیارے نبیؐ جن کا اعلیٰ________ | کلام | مقام |
| ☆زمانے کو دی عِلم کی________ | روشنی | دولت |
| ☆دِلوں کے اُجالے ہمارے________ | پیغمبر | نبیؐ |

4۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) نبی کریم ﷺ جب پیدا ہوئے تو عرب کے حالات کیسے تھے؟

________________________________

(ب) لوگوں کی زندگی میں تبدیلی کیسے آئی؟

________________________________

(ج) ”ہُوا جن پہ نازل خُدا کا کلام“ سے کیا مراد ہے؟


________________________________

(د) سب نبیوں میں کس نبیؐ کا مقام بُلند ہے اور کیوں؟

________________________________

Progressive Education Network

سرگرمی: بچوں کو تلقین کریں کہ جب بھی نبی کریم ﷺ کا نام پڑھیں، سنیں یا لکھیں تو ہمیشہ درود پڑھیں۔ بچوں کو درود پڑھنے کی فضیلت سے آگاہ کریں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھریں۔



دن:ـــــــــــ تاریخ:ـــــــــــ

## ☆مل کر کریں بات

5۔ آپ کے دوست کے اندر کون کون سی خوبیاں موجود ہیں؟ ذیل میں پانچ جملے لکھیں۔

6۔ دیے گئے پیراگراف میں درج واقعہ غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ کبھی کسی کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتے تھے۔ آپ ﷺ ہمیشہ ہر کسی کی مدد کرنے کو تیّار رہتے۔ ایک دفعہ آپ ﷺ ایک گلی میں سے گزر رہے تھے۔ ایک نابینا عورت بھی اُسی گلی میں سے گُزر رہی تھی۔ اچانک اُس عورت کو ٹھوکر لگی اور وہ گر گئی۔ دوسرے لوگ یہ دیکھ کر ہنسنے لگے۔ آپ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ آپ ﷺ نے اُس عورت کی مدد کی، اور اُسے اُس کے گھر پہنچا دیا۔

Progressive Education Network

سوالات:

| |
|---|
| 1۔ نابینا عورت کیسے گِر گئی؟ |
| ج) |
| 2۔ نبی کریم ﷺ کی آنکھوں میں آنسو کیوں آ گئے؟ |
| ج) |
| 3۔ نبی کریم ﷺ نے نابینا عورت کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ |
| ج) |

تاریخ:________ دن:________

## ☆لفظوں کا کھیل

7۔ دیے گئے اعداد کی لفظی گنتی لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (۲)________ | (۶)________ | (۲۰)________ |
| (۹)________ | (۱۹)________ | (۱۴)________ |
| (۱۷)________ | (۷)________ | (۱۶)________ |

8۔ درسی کتاب کے صفحہ 9 میں سے مشکل الفاظ کی اِملا لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |

## ☆قواعد سیکھیں

9۔ خط کشیدہ الفاظ کے مُتضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔

1- **شاگرد** ہمیشہ ________ کی عزت کرتا ہے۔

2- اِسلام میں کسی **گورے** کو ________ پر کوئی برتری حاصل نہیں۔

3- اللہ تعالیٰ ہمارا **خالق** اور ہم اُس کی ________ ہیں۔

4- ہمیشہ **سچ** بولو اور ________ سے بچو۔

5- **ہار** اور ________ کھیل کا حصہ ہیں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

10۔واحد کے جمع دی گئی خالی جگہ پر لکھیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ تار پر________بیٹھے تھے۔ | طوطا |
| 2۔امّی جان بازار سے________لائیں۔ | میوہ |
| 3۔بڑھئی نے لکڑی کے________بنائے۔ | دروازہ |
| 4۔سارہ کو سالگرہ پر بہت سے________ملے۔ | تحفہ |
| 5۔مالی نے کیاری میں________لگائے۔ | پودا |
| 6۔ٹوکری میں________ہیں۔ | انڈا |

## ☆کچھ نیا لکھیں

11۔دیے گئے الفاظ کی مدد سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین ﷺ کے بارے میں پانچ جملے نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مکّہ مکرمہ | والد اور والدہ کا نام | آخری نبی | قُرآنِ مجید | غارِ حرا |

________________________

________________________

________________________

________________________

________________________

## ☆آؤ کریں کام

12۔لائبریری یا دیگر ذرائع ابلاغ کی مدد سے اپنی پسند کی کوئی نعت پڑھیں یا سنیں اور درست تلفظ، لَے اور آہنگ کے ساتھ جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں۔اور اپنی پسندیدہ نعت کاپی میں لکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 3

# بے مثل ہے ذات رُسول کریم ﷺ کی

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ نبی کریم ﷺ کے اعلیٰ اخلاق کے بارے میں جان سکیں گے۔ بچے دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں گے۔ اپنی پسند کی کہانیاں، واقعات، ڈرامے اور نظمیں پڑھ کر نتائج اخذ کر سکیں گے۔ سادہ جملوں کو استفہامیہ جملوں میں تبدیل کرنا سیکھ سکیں گے۔ تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں گے۔ کہانیاں پڑھ / سُن کر اپنے ساتھیوں کو سُنا سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اجنبی | | امین | |
| سَستانا | | صادق | |
| صِفات | | مُہار | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی رنگ بھر کر کریں۔

- لوگ کھجوریں خریدنے کے لئے مدینہ منوّرہ گئے:
- لوگوں کے پاس اونٹ تھا:
- مدینہ منوّرہ میں کھجوروں کی ہوتی تھی:
- اجنبی شخص اونٹ کی مُہار پکڑ اکر اندر چلا گیا:

| | |
|---|---|
| کھجوریں | کپڑے |
| خاکی | سُرخ |
| کَثرت | قِلَت |
| مکّہ مکرمہ میں | مدینہ منوّرہ میں |

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مکّہ مکرمہ کے لوگ نبی کریم ﷺ کو صادق اور امین کیوں کہتے تھے؟

(ب) نبی کریم ﷺ نے کس چیز کو ایمان کی شرط قرار دیا ہے؟

(ج) اجنبی شخص نے اونٹ دیکھ کر مسافروں سے کیا پوچھا اور انھوں نے کیا جواب دیا؟

(د) منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دینے والے اجنبی شخص کون تھے؟

(ہ) دیانت داری کے دو فوائد لکھیں۔

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

6۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ہم نبی کریم ﷺ سے محبت کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں؟

## ☆لفظوں کا کھیل

3۔خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر الفاظ بنائیں اور اُن پر اعراب لگائیں۔

| حروف | الفاظ |
|---|---|
| ص۔ح۔ح۔ت | صِحَّت |
| ا۔م۔ا۔ن ـــــــــ | |
| ص ـــــــ د۔ق | |

☆

| حروف | الفاظ |
|---|---|
| ت۔ک۔م۔ ــــــــ ل | |
| ــــــــ ج۔م۔و۔ع۔ہ | |
| ع۔ز۔ ــــــــ ت | |

## قواعد سیکھیں

☆اِستفہامیہ جملے: وہ جملے جن میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے، "اِستفہامیہ جملے" کہلاتے ہیں۔ مثلاً
دروازے پر کون ہے؟ یہ قلم کس کا ہے؟

4۔دی گئی تصویر سے متعلق پانچ سادہ جملے کاپی میں لکھیں اور پھر اِنھیں استفہامیہ جملوں میں تبدیل کریں۔



ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ
ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ressive Education Network

5۔دیے گئے جملے پڑھیں اور مثال کے مطابق مذکر اسما کے مؤنث اور مؤنث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

1۔باورچی نے سبزی کاٹی اور ــــــــــ نے کھانا پکایا۔

2۔مالی نے پودے لگائے اور ــــــــــ نے اُنھیں پانی دیا۔

3۔ــــــــــ نے ملکہ کو خوب صورت ہار دیا۔

4۔نانی جان نے اپنے نواسے اور ــــــــــ کو عیدی دی۔

5۔مالک کی ایک آواز پر ــــــــــ اور خادمہ دوڑے چلے آئے۔

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## ☆پڑھیں

دیا گیا پیراگراف تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

نبی کریم ﷺ بازار گئے۔ وہاں آپ ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا، جو غلّہ بیچ رہا تھا۔ آپ ﷺ اُس کے پاس تشریف لے گئے۔ اُس کے سامنے غلّے کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے غلے کے ڈھیر میں ہاتھ ڈالا تو وہ گیلا محسوس ہوا۔ آپ ﷺ نے اُس شخص سے پوچھا کہ غلّہ اندر سے گیلا کیوں ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا: "اے اللہ کے رسول ﷺ! بارش کی وجہ سے بھیگ گیا تھا"۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم نے گیلا غلّہ نیچے چھپا کر رکھنے کی بجائے باہر نکال کر اوپر کیوں نہ رکھا تاکہ خریدنے والے کو معلوم ہو جائے کہ یہ گیلا ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: "جس نے دھوکا دیا، وہ ہم میں سے نہیں۔" (جامع ترمذی)

## ☆کچھ نیا لکھیں

7۔ دیانت داری سے کیا مراد ہے اور بحیثیتِ طالبِ علم آپ کن کن مُعاملات میں دیانت داری کا مظاہرہ کرسکتے ہیں؟ چند جملوں میں لکھ بتائیں۔

8۔ درسی کتاب کے صفحہ 16 اور 17 سے مشکل الفاظ کی املا لکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 4

# اگر میں نہ ہوں تو!

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ پُرانے زمانے میں استعمال ہونے والے ذرائع سے واقف ہوں گے۔ بچوں کو موبائل فون کے فوائد اور نقصانات سے آگاہ کیا جائے گا۔ بچوں کو ذرائع ابلاغ کے درست استعمال سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ اسمِ ضمیر کی نشان دہی کر سکیں گے۔ سادہ اور مرکّب جملوں پر مشتمل عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| پوشیدہ | | جدید | |
| رابطہ | | دِل دادہ | |
| عزیز | | درکار | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست اور غلط جواب کی نِشان دہی رنگ بھر کر کریں۔

☆ٹیلی فون ۱۸۸۶ء میں الیگزینڈر گراہم بیل نے ایجاد کیا۔ درست / غلط

☆موبائل فون، ٹیلی فون کی جدِید شکل ہے۔ درست / غلط

☆موبائل فون کا استعمال صرف بات چیت کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ درست / غلط

☆گاڑی چلاتے وقت موبائل فُون کا استعمال کرنا درست عمل ہے۔ درست / غلط

☆موبائل فُون کا استعمال احتیاط سے کرنا چاہیے۔ درست / غلط

3۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف)موبائل فون ایجاد کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟

(ب)موبائل فون کے کوئی سے تین بنیادی استعمال بتائیں۔

(ج) آپ کے خیال میں ٹیلی فون بہتر ہے یا موبائل فون؟ وجہ بتائیں۔

(د) آپ موبائل فون کا استعمال کن مقاصد کے لیے کرتے ہیں؟

## ☆مل کر کریں بات

Progressive Education Network

4۔ آپ ٹیلی ویژن پر اپنا پسندیدہ پروگرام دیکھ رہے ہیں۔ آپ کے چھوٹے بھائی کو بھی اسی وقت اپنا پسندیدہ پروگرام دیکھنا ہے۔ اس صورتِ حال میں آپ کیا کریں گے اور کیوں؟

دن:————— تاریخ:—————

5۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ہمیں موبائل فُون کا استعمال احتیاط سے کیوں کرنا چاہیے؟

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ مثال کے مطابق دیے ہوئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں اور ہر لفظ کے آخری حرف سے معلومات سے حاصل کرنے کے ذریعے کا نام لکھیں۔

| الفاظ | حروف | | | | | | ذرائع کا نام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغام | پ | ے | غ | ا | م | | موبائل فُون |
| مسائل | | | | | | | |
| خطرناک | | | | | | | |
| ٹِکٹ | | | | | | | |
| اُجالا | | | | | | | |

Progressive Education Network

## ☆قواعد سیکھیں

وہ لفظ جو کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کی جگہ استعمال کیا جائے "اسمِ ضمیر" کہلاتا ہے۔ جیسے: وہ، اُنھیں، ہم، تُمھارا، اُس کا وغیرہ

احمد نے کھانا کھایا۔ احمد سکول پڑھنے گیا۔ احمد سکول وقت پر نہ پہنچ سکا۔

احمد نے کھانا کھایا۔ وہ سکول پڑھنے گیا۔ وہ سکول وقت پر نہ پہنچ سکا۔

اوپر دیے ہوئے جملوں کو دیکھیں لفظ احمد کی جگہ "وہ" استعمال ہوا ہے۔ "وہ" اسمِ ضمیر ہے۔

7۔نیچے پیراگراف کو پڑھتے ہوئے خالی جگہ پر مناسب "اِسم ضمیر" لگائیں۔

سارہ سکول سے گھر واپس آ رہی تھی۔——سڑک پار کر رہی تھی کہ——نے سڑک کے کنارے ایک زخمی فاختہ دیکھی۔——نے فاختہ کو اُٹھایا اور اُسے گھر لے آئی۔——نے فاختہ کے زخم پر مرہم لگایا، جس سے اُس کا زخم جلد ہی ٹھیک ہو گیا۔

8۔خالی جگہ میں درست اسمِ ضمیر لکھ کر خالی جگہ مکمل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہم | اُس | مجھے | ہمیں | وہ | میں |

| | |
|---|---|
| 1)——بازار جا رہے ہیں۔ | 4)——مل کر کھیلنا پسند ہے۔ |
| 2)——کے ابّو اُستاد ہیں۔ | 5)——کتاب پڑھ رہی ہے۔ |
| 3)امّی نے——شاباش دی۔ | 6)——نے کل سکول جانا ہے۔ |

9۔درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| درخت | کھلا | مفید | انجان | افسوس | صحیح |
| | | | | | |

Progressive Education Network

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔موبائل فون انسان کے لیے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ؟ دی گئی خالی جگہ پر چار سے پانچ جملے لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

دن:__________ تاریخ:__________

۱۱۔ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ اگر آپ کو کوئی چیز ایجاد کرنے کا موقع ملے تو وہ کیا چیز ہو گی؟ اور کیوں؟ نیز آپ اس سے کیا کیا کام لینا چاہیں گے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

۱۲۔ جب آپ نے پہلی بار موبائل فون کا استعمال کیا، اُس دن آپ کے کیا تاثرات تھے؟ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

۱۳۔ اپنے پسندیدہ موبائل کی تصویر چسپاں کریں یا ڈرائینگ بنائیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 5

# سب ہیں خاص

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ مختلف پیشوں کے بارے میں جان سکیں گے اور اِن کی اہمیت کو پہچان سکیں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ ہر پیشہ قابلِ عزّت ہوتا ہے اور ہمیں ہر پیشے سے وابستہ لوگوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔ اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ کی پہچان کرکے بتا سکیں گے۔ کسی موضوع پر خود سے کم از کم آٹھ مربُوط جملے لکھ سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| تربِیّت | | مُفید | |
| فخر | | معمار | |
| تدریس | | قدر | |
| وابستہ | | مُعلّم | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) ہر پیشہ کیوں اہم ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) ”پیشہ“ کسے کہتے ہیں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

(ج)تدریس کا پیشہ قابلِ فخر کیوں ہے؟

______________________________________


______________________________________

(د)زرعی ماہر کس طرح کسانوں کی مدد کرتا ہے؟

______________________________________

______________________________________

3۔کالم الف میں دی گئی تصویروں کو کالم:ب میں دیے گئے مُتعلقہ کاموں سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
|  | ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے۔ |
|  | جُوتے بناتا اور مرمّت کرتا ہے۔ |
|  | گلی، محلّوں اور سڑکوں کی صفائی کرتا ہے۔ |
|  | لوہے کے اوزار بناتا ہے۔ |
|  | کپڑے سِیتا ہے۔ |

Progressive Education Network

دن:——————　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:——————

## ☆مل کر کریں بات

4۔ سکول سے گھر واپس آتے ہوئے آپ مختلف پیشوں سے وابستہ جن لوگوں کو دیکھتے ہیں، اُن کے بارے میں نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دیے گئے اشاروں کی مدد سے حروف کی ترتیب درست کر کے مُتعلقہ پیشے کا نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مزے دار کھانے بنانے والا | چ ر ب د ا ی | |
| بال بنانے والا | ج ح ا ج م | |
| خط، پارسل اور ضروری کاغذات لانے والا | ڈ ی ا ک ا | |
| ہمارے کپڑے دھونے والا | و ی دھ ب | |
| پودوں کی حفاظت کرنے والا | ل ا ی م | |

## ☆قواعد سیکھیں

**اسم نکرہ:** کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے نام کو "اسم نکرہ" کہتے ہیں۔ باغ، پھول، میز قلم وغیرہ اسم نکرہ ہیں۔

**اسم معرفہ:** کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو "اسم معرفہ" کہتے ہیں۔ بادشاہی مسجد، احمد، پاکستان، اسلام آباد وغیرہ اسم معرفہ ہیں۔

6۔ دیے گئے الفاظ میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ چُن کر متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گاڑی | عامر | موسم | کراچی | لڑکا | آمنہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کوئٹہ | قائداعظمؒ | لاہور | چڑیاگھر | پہاڑ | اُستاد |

| اِسمِ معرفہ | اِسمِ نکرہ |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

7۔خط کشیدہ الفاظ کے درست متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| |
| --- |
| 1۔**جنگ** ہو یا__________ہمیشہ متحد رہنا چاہیے۔ |
| 2۔اگر کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہو تو **دِن**__________محنت کرو۔ |
| 3۔ تیز **دھوپ** میں درختوں کی__________اچھی لگتی ہے۔ |
| 4۔**انسان** ہو یا__________سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔ |
| 5۔وہ **بہادر** نہیں__________ہے۔ |

8۔ سبق "سب ہیں خاص" صفحہ نمبر 33 تا 34 میں سے کسی ایک پیراگراف کی اِملا لکھیں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ آپ کا دوست بڑا ہو کر کیا بننا چاہتا ہے؟ اپنے دوست سے پوچھ کر دس مربوط جملے دی گئی جگہ میں لکھیں۔

10۔ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دیکھ بھال | خدمت | نمونے | بے گناہ | فخر | پیشہ |


| الفاظ | جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

تاریخ:__________ دن:__________

سبق 6

# چالاک لومڑی اور چِنٹو مُرغا

اس کہانی کو سننے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ وہ کس طرح کی کہانیاں پڑھنا اور سننا چاہتے ہیں۔ کہانیاں سننے کا شوق پیدا ہوگا۔



☆1۔ اوپر دی گئی تصاویر کو دیکھ کر نیچے خالی جگہ میں کہانی بنا کر لکھیں۔

Progressive Education Network

2۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| امن | |
| ٹھنڈا | |
| بُلندی | |
| بُزدل | |
| سخت | |

3۔ جملے پڑھیں اور ان میں موجود اسم ضمیر کے گرد دائرہ لگائیں۔

| |
|---|
| 1۔ ہمیں بڑوں کا احترام کرنا چاہیے۔ |
| 2۔ میرے ابّو ایک استاد ہیں۔ |
| 3۔ میں روزانہ سکول جاتا ہوں۔ |
| اُس نے قرآن مجید کی تلاوت کی۔ |

4۔ جملوں کے سامنے دیے گئے واحد الفاظ کے جمع لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ ————باغ میں کھیل رہے تھے۔ | بچّہ |
| 2۔14 اگست کے دن لوگوں نے گھروں کی چھتّوں پر————لگائے۔ | جھنڈا |
| 3۔ آسمان پر————چمکتے ہیں۔ | تارا |
| 4۔————میدان میں کرکٹ کھیل رہے تھے۔ | لڑکا |
| 5۔ امّی جان نے بازار سے مٹی کے خوب صورت————خریدے۔ | پیالہ |

5۔ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

| | |
|---|---|
| دیانت دار | |
| نعمت | |
| اخلاق | |
| محتاج | |
| رحمت | |

تاریخ:__________ دن:__________

6۔ دیے گئے جملوں کو فعلِ ماضی میں تبدیل کریں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ باغ میں تتلیاں اُڑتی ہیں۔ | |
| 2۔ لڑکے فٹ بال کھیلتے ہیں۔ | |
| 3۔ ہم چڑیا گھر کی سیر کو جائیں گے۔ | |
| 4۔ ابّو جان بازار سے پھل لائیں گے۔ | |
| 5۔ عائشہ نماز پڑھتی ہے۔ | |

7۔ ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

8۔ دیا گیا پیرا گراف درست تلفّظ اور روانی سے پڑھیں۔

Progressive Education Network

باہمّت جوانوں کے لیے فوج ایک پُرکشش پیشہ ہے۔ فوج کے کسی بھی شعبے سے تعلّق رکھنے والے افراد کا بنیادی کام ملک کی حفاظت کرنا اور وطن کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیّار رہنا ہے۔ ہمارے فوجی جوان پچھلے کُچھ عرصے سے دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کر رہے ہیں اور وطن کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔

سبق 7

# ہم کیوں بھول جاتے ہیں؟

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ ٹریفک کے قوانین کے بارے میں جان سکیں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ ٹریفک کے قوانینکی پابندی کیوں ضروری ہے؟ بچوں کو فٹ پاتھ اور زیبرا کراسنگ کے بارے میں بھی بتائیں۔ فعل حال کی پہچان کر سکیں گے اور فعل ماضی کے جملوں کو فعل حال میں تبدیل کر سکیں گے۔ اسمِ ضمیر کی نشان دہی کر سکیں گے۔ روز مرّہ اردو بول چال میں اعتماد سے حصّہ لے سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| شدید | | بھَلائی | |
| ناخوش گوار | | فُٹ پاتھ | |
| اُصول | | حادثات | |
| سَمت | | گُم صُم | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ کالم: الف میں دیے گئے الفاظ کو کالم: ب میں دیے گئے متعلقہ الفاظ سے ملائیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| سُرخ بتی | سڑک پیدل پار کرنا |
| فُٹ پاتھ | چل پڑنا |
| سبز بتّی | رُک جانا |
| زیبرا کراسنگ | پیدل چلنا |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

3۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) سرخ بتّی جل رہی ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(ب) "زیبرا کراسنگ" کسے کہتے ہیں؟


(ج) سڑک پر پیدل چلتے ہوئے کہاں چلنا چاہیے؟

(د) آپ کے خیال میں تینوں بتّیوں (اشاروں) میں سے زیادہ اہمیت کس بتّی (اشارے) کی ہے اور کیوں؟

(و) سڑک پر حادثات سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

Progressive Education Network





دن:———— تاریخ:————

## ☆مل کر کریں بات

4۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور چند جملوں میں بتائیں کہ اِس حادثے کی کیا وجوہات تھیں؟ نیز اس حادثے سے کیسے بچا جا سکتا تھا؟



____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دی گئی مثال کے مطابق معمّے میں سے سواریوں کے نام تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٹ | ج | ہ | ا | ز |
| ر | ب | س | ر | س |
| ک | ا | ر | ے | ا |
| ش | ذ | ج | ل | ء |
| ا | آ | ی | گ | ی |
| س | ب | پ | ا | ک |
| ظ | ص | ع | ڑ | ل |
| ق | ف | ن | ی | م |

جہاز

Progressive Education Network

دن:____________ تاریخ:____________

## ☆قواعد سیکھیں

6۔ معمّے میں دی گئی مثال کے مطابق، اِسم ضمیر تلاش کر کے نیچے لکھیں اور پھر انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | و | ت | آ | پ |
| نھ | ہ | مھ | ے | ں |
| و | م | ت | ا | ل |
| ں | جھ | ں | س | ن |
| ر | ے | د | ھ | ر |

| اسمِ ضمیر | جملے |
|---|---|
| وہ | وہ میرا دوست ہے۔ |
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |

## ☆قواعد سیکھیں

### ☆فعل حال

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

☆علی کھانا کھاتا ہے۔ ☆امّی جان کھانا پکاتی ہیں۔

اوپر دیے ہوئے جملے کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ زمانے میں ظاہر کر رہے ہیں۔ وہ فعل (کام) جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ زمانے میں پایا جائے، "فعل حال" کہلاتا ہے۔

دن:____________ تاریخ:____________

7۔مثال کے مطابق فعل ماضی کے جملوں کو فعل حال میں تبدیل کر کے لکھیں۔

**فعل ماضی**

عائشہ نے نماز پڑھی۔

لڑکوں نے فٹ بال کھیلا۔

مالی نے پودوں کو پانی دیا۔

سارہ نے تصویریں کھینچیں۔

حامد نے کتاب خریدی۔

لڑکوں نے سبق یاد کیا۔

**فعل حال**

عائشہ نماز پڑھتی ہے۔

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ آپ کی پسندیدہ سواری کون سی ہے اور کیوں؟اس کے بارے میں لکھیں۔

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

Progressive Education Network


دن:__________ تاریخ:__________


9۔ درسی کتاب کا صفحہ نمبر ۵۰ کا مطالعہ کرتے ہوئے نیچے دی گئی خالی جگہ میں بیماری کی درخواست لکھیں۔

## ☆آؤ کریں کام

10۔ گتّے کے خالی ڈبّوں کی مدد سے ٹریفک کی تینوں بتّیاں، زیبرا کراسنگ اور فُٹ پاتھ بنائیں۔ بعد ازاں اپنا کام کمرہ جماعت میں پیش کرتے ہوئے ہر ایک سے متعلق چند جملے بولیں۔

Progressive Education Network





دن:__________ تاریخ:__________

سبق 8

# شام

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور معانی بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دن اور رات کا بدلنا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ بچوں کہ ہم آواز الفاظ کی تعریف بتائیں۔ واحد اور جمع کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں گے۔ معنی کے لحاظ سے مُترادف الفاظ کو سمجھ کر / بول کر لکھ سکیں گے۔ ہم آواز الفاظ بنا سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آشیانہ | | عَجَب | |
| پرِند | | جواہر | |
| سَمت | | پَردیس | |
| سَرا | | فلک | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) شام کے وقت شاعر نے ستاروں کے چمکنے کو کس چیز کے مانند قرار دیا ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) شاعر نے نظم میں شام ہونے کی کیا کیا نشانیاں بتائی ہیں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(ج) دن اور رات کا بدلنا اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے، کیسے؟ دو جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

(د) نظم میں بیان کیے گئے مختلف مناظر میں سے آپ کو کون سا نظّارہ زیادہ پسند آیا اور کیوں؟

3۔ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ ہُوا اِس طرح سارا ______ بند | شہر | بازار |
| 2۔ ہُوئی ______ سونے کا وقت آ گیا | صُبح | شام |
| 3۔ ہر اِک سَمت ______ سے بکھرے ہوئے | ہیرے | موتی |
| 4۔ ______ آشیانے میں جانے لگے | پرند | چرند |

## ☆مل کر کریں بات

4۔ اپنے تخیل کو استعمال میں لاتے ہوئے چند جملوں میں بتائیں کہ اگر آپ ستارہ ہوتے تو کِس جگہ چمکنا پسند کرتے اور کیوں؟

5۔ دیے گئے جملے غور سے پڑھیں اور درست جملوں کی نشان دہی (✓) لگا کر کریں۔

| | |
|---|---|
| آپ جائیں۔ ☐ | آپ جاؤ۔ ☐ |
| مجھے آج تک اُن سے ملنے کا موقع نہ ملا۔ ☐ | مجھے آج تک اُن سے ملنے کا موقع نہیں ملا۔ ☐ |
| آپ مجھ سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟ ☐ | آپ مجھ کو کیا کہنا چاہتے ہیں؟ ☐ |
| دیکھتے ہی دیکھتے یہ کیا ہوا؟ ☐ | دیکھتے ہی دیکھتے یہ کیا ہو گیا۔ ☐ |



Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ معمّے میں سے تلاش کر کے ان کے سامنے لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گ | چ | ہ | ر | چ |
| و | م | و | س | ا |
| ل | ک | ا | ت | ہ |
| ج | ن | ا | م | ت |
| س | ا | ر | ے | ا |
| ب | ن | ا | ء | ے |

| | |
|---|---|
| دمکنا | |
| تارے | |
| صَبا | |
| راحَت | |
| کِھلائے | |
| کھول | |

## ☆قواعد سیکھیں:

"مترادف" ہم معنی الفاظ کو کہتے ہیں۔

7۔نیچے دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھیں۔

| الفاظ | مترادف |
|---|---|
| رات | |
| صحت مند | |
| انجم | |
| باغ | |
| مشہوری | |

Progressive Education Network

8۔جملوں کے سامنے دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| ابّو جان نے الگ الگ__________میں پھل ڈالے۔ | تھیلا |
| درخت پر__________کے گھونسلے تھے۔ | چڑیا |
| رات کو آسمان__________کی روشنی سے جگمگا رہا تھا۔ | سِتارہ |
| درخت سبز__________سے بھرا ہوا تھا۔ | پتّا |

دن:________                                                     تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ دی گئی تصویر غور سے دیکھیں اور اس تصویر کے بارے میں چند جملے لکھیں۔



______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ میز پر ایک گلوب رکھ کر اُس کے ایک طرف سورج کی طرح موم بتّی یا ٹارچ جلائیں۔ اب گلوب کو گھمائیں اور مُشاہدہ کریں کہ زمین کے کس حصّے پر صبح اور کس حصّے پر رات ہے، بعد ازاں چند جملوں میں بتائیں کہ رات اور دن کیسے بنتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

# سبق 9 اللہ تعالیٰ کا انعام

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ عید الفطر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے، اور ہمیں یہ دن بھرپور طریقے سے منانا چاہیے اور اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ ہمیں عید کی خوشیوں میں سب کو شریک کرنا چاہیے کیوں کہ خوشیاں بانٹنے سے بڑھتی ہیں۔ فعل مستقبل کو پہچان سکیں، نیز جملوں کو فعل مستقبل میں استعمال کر سکیں۔ معنی کے لحاظ سے متضاد الفاظ کو سمجھ کر بول / لکھ سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مگن | | مُسرّت | |
| دُوربین | | خوش خبری | |
| ضرورت مند | | انعام | |
| بِھیڑ | | بے ساختہ | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) یاسر اور فاطمہ عید کے دن ابّو جان کے ساتھ کہاں گئے؟

______________________________

______________________________

(ب) عید کا چاند کس طرح کا ہوتا ہے؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ج) ابو جان نے بچوں کو کیا کیا خرید کر دیا؟

(د) روزے رکھنے کا کیا انعام ہے؟

(ہ) آپ کو عید کے دن کون کون سے کام کرنا پسند ہیں؟

## ☆مل کر کریں بات:

3۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ آپ عید کیسے کرتے ہیں اور اس دن کیا خاص اہتمام کرتے ہیں؟

Progressive Education Network

## مل کر کریں بات

4۔ آپ کا پسندیدہ تہوار کون سا ہے اور کیوں؟

دن:———— تاریخ:————

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کے حروف کی مدد سے نئے الفاظ بنائیں۔

| الفاظ | حروف | | | | | نئے الفاظ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عید | ع | ی | د | | | دوات | تتلی |
| مگن | | | | | | | |
| مُسرّت | | | | | | | |
| مبارک | | | | | | | |
| سال | | | | | | | |

## ☆قواعد سیکھیں

6۔خط کشیدہ الفاظ کے درست مُتضاد خالی جگہ میں لکھیں۔

| |
|---|
| 1۔اللہ تعالٰی نے **دن** کام کے لیے بنایا اور———— آرام کے لیے بنائی ہے۔ |
| 2۔موسمِ **خزاں** میں درختوں کے پتّے جھڑتے اور موسمِ———— میں درختوں پر نئے پتّے آتے ہیں۔ |
| 3۔کِتاب میز کے **اوپر** اور بلّی کرسی کے———— ہے۔ |
| 4۔پاکستان کے صحرائی علاقوں کی زمین **بنجر** اور میدانی علاقوں کی زمین———— ہے۔ |
| 5۔احمد **خُوش** لیکن عائشہ———— ہے۔ |

## ☆فعل مستقبل

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

☆ہم بازار جائیں گے۔

☆لڑکیاں گانا گائیں گی۔

دی ہوئی مثالوں سے پتا چلتا ہے کہ بازار جانا اور گانا گانا ایسے کام ہیں، جو ابھی نہیں ہوئے بلکہ آنے والے زمانے میں ہونے کی توقّع ہے۔وہ کام جس کا کرنا یا ہونا آنے والے زمانے میں ظاہر ہو، "فعل مُستقبل" کہلاتا ہے۔



Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

7۔ دیے گئے جملوں کو فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔

| جملے | فعل مستقبل |
|---|---|
| یاسر نماز پڑھتا ہے۔ | |
| امّی جان نے فاطمہ کو مہندی لگائی۔ | |
| سورج مشرق سے نکلتا ہے۔ | |
| بچوں نے میلے میں آئس کریم کھائی۔ | |
| فاطمہ سکول جاتی ہے۔ | |
| یاسر اور فاطمہ عید میلے میں گئے۔ | |

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ اپنی عید کا احوال نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

___

___

___

9۔ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| شکریہ | |
| خوش خبری | |
| عید گاہ | |
| ضرورت مند | |
| اِنعام | |



Progressive Education Network

## ☆پڑھیں

دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے عظیم پیغمبر تھے۔ ایک دفعہ آپ علیہ السّلام نے خواب میں دیکھا کہ آپ علیہ السّلام اپنے پیارے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السّلام کو ذبح کر رہے ہیں۔ آپ علیہ السّلام نے اپنا خواب اپنے بیٹے کو سُنایا تو حضرت اسماعیل علیہ السّلام نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جو حکم دے رہے ہیں، اُسے پورا کریں۔ جب حضرت اسماعیل علیہ السّلام قربانی کے لیے زمین پر لیٹ گئے تو حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے جیسے ہی چھری اُن کی گردن پر رکھی تو فوراً وحی نازل ہوئی: "اے ابراہیمؑ! ہم نے تمہاری قربانی قبول کرلی۔ اب اِس کے بدلے میں اِس مینڈھے کو ذبح کرو، جو تمھارے قریب کھڑا ہے۔" حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے مینڈھے کو ذبح کر کے اللہ تعالیٰ کا حکم پورا کیا۔ اللہ تعالیٰ کو حضرت ابراہیم علیہ السّلام اور حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی یہ قربانی اتنی پسند آئی کہ اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے مسلمانوں پر قربانی کو لازم قرار دیا اور اسے "سنتِ ابراہیمی" بنا دیا۔

سوالات:

| |
|---|
| ☆حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے خواب میں کیا دیکھا؟ |
| (جواب) |
| ☆خواب کے بارے میں جان کر حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے اپنے والد سے کیا کہا؟ |
| (جواب) |
| ☆مسلمانوں پر قربانی کو کیوں لازم قرار دیا گیا؟ |
| (جواب) |

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ ایک چارٹ پر مسجد، گھر، سکول اور پارک کی تصویریں چسپاں کریں۔ ہر تصویر کے نیچے دو دو جملے لکھ کر بتائیں کہ ہمیں اِن جگہوں پر کِن کِن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 10

# جِس کا خواب تھا دل کش

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ تحریکِ پاکستان میں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی خدمات کے بارے میں جان سکیں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو مفکّرِ پاکستان، مصوّرِ پاکستان اور شاعرِ مشرق کیوں کہا جاتا ہے۔ سادہ اور مرکب جملوں پر مشتمل عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں گے۔ اکیس تا تیس گنتی ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں گے۔ کسی موضوع پر خود سے کم از کم مربوط جملے لکھ سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بسر کرنا | | کام یاب | |
| جذبہ | | قبل | |
| قِیادت | | مفکر | |
| جِدّوجہد | | فاضل | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) شیخ نور محمد کون تھے اور انھوں نے کیا خواب دیکھا تھا؟

______________________________

______________________________

(ب) علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کو کس کام کے لیے وقف کیا؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(ج) علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کیوں چاہتے تھے کہ مسلمان آزاد وطن حاصل کریں؟

________________________________________

________________________________________

(د) علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

________________________________________

(د) آپ بڑے ہو کر اپنے وطن کی خدمت کیسے کرنا چاہیں گے؟

________________________________________

________________________________________

3۔ سبق کے مطابق درست جواب کے سامنے (✓) اور غلط جواب کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| ☆ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو "مفکّرِ پاکستان" بھی کہا جاتا ہے۔ | (    ) |
| ☆ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے بی۔اے اور ایم۔اے کے امتحان کراچی سے پاس کیے۔ | (    ) |
| ☆ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اردو اور فارسی زبانوں میں شاعری کی۔ | (    ) |
| ☆ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ ہمارے قومی شاعر ہیں۔ | (    ) |
| ☆ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ ۱۹۰۴ء میں اعلیٰ تعلیم کے لیے یورپ تشریف لے گئے۔ | (    ) |

## ☆ مل کر کریں بات

Progressive Education Network

4۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ اگر آپ علامہ محمد اقبال رحمتہ علیہ کے زمانے میں ہوتے اور آپ کو اُن سے ملاقات کرنے کا موقع ملتا تو آپ اُن سے کیا کیا باتیں کرتے؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

دن:______ تاریخ:______

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دیے گئے ہندسوں کی لفظی گنتی دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

(۲۹)______
(۲۳)______
(۲۶)______
(۲۸)______
(۲۲)______
(۲۴)______
(۲۷)______
(۲۱)______
(۲۵)______
(۳۰)______

## ☆قواعد سیکھیں

اِستفہامیہ (سوالیہ) اور اقراری (اثباتی) جملے

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| کیا علامہ اقبالؒ کے والد کا نام شیخ نور محمد تھا؟ | جی ہاں! علامہ اقبالؒ کے والد کا نام شیخ نور محمد تھا۔ |
| کیا علامہ اقبالؒ نے ایف-اے کا امتحان سیالکوٹ سے پاس کیا؟ | جی ہاں! علامہ اقبالؒ نے ایف-اے سیالکوٹ سے پاس کیا۔ |

وہ جملے جن میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے، "استفہامیہ جملے" کہلاتے ہیں۔

وہ جملے جن میں کسی بات کا اقرار کیا جائے، "اِقراری جملے" کہلاتے ہیں۔

Progressive Education Network

6۔ دیے گئے جملوں کے آگے لکھ کر بتائیں کہ کون سا جملہ "استفہامیہ" یا "اقراری" ہے۔

| | |
|---|---|
| ا۔ کیا علی لاہور جائے گا؟ | جی ہاں! سارہ کل سکول جائے گی۔ |
| ۲۔ جی ہاں! آمنہ نے سکول کا کام کر لیا ہے۔ | کیا سکول کو صاف کرنا ضروری ہے؟ |
| ۳۔ جی ہاں! علامہ اقبالؒ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ | کیا علامہ اقبال کا مزار لاہور میں ہے؟ |
| ۴۔ کیا علامہ اقبالؒ ہمارے قومی شاعر ہیں؟ | جی ہاں! اکرم نے اپنا کمرہ صاف کر لیا ہے۔ |
| ۵۔ جی ہاں! اسد بازار سے دہی لے آیا ہے۔ | جی ہاں! آج بارش ہوئی تھی۔ |

7۔ دیے گئے کالم الف کے مترادف الفاظ کالم ب سے تلاش کر کے مترادف کے کالم میں لکھیں۔

| کالم الف | کالم ب | مترادف |
|---|---|---|
| داغ | سُتھرا | |
| دوست | داغ | |
| روشنی | ساتھی | |
| سبب | قوّت | |
| بہادری | شُجاعت | |
| طاقت | اُجالا | |
| غرور | تکبُّر | |
| صاف | وَجہ | |

8۔ دی گئی عبارت درست تلفّظ اور روانی سے پڑھیں اور پوچھے ہوئے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو شاعرِ مشرق بھی کہا جاتا ہے۔ آپ نے اپنی شاعری کے ذریعے سے محبت، امن اور محنت کا درس دیا۔ آپ کا پسندیدہ پرندہ شاہین تھا۔ شاہین کو پرندوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ اُن کی خواہش تھی کہ قوم کا ہر بچّہ شاہین بنے۔ محنت سے پڑھے، آگے بڑھے اور اپنے ملک کا نام پوری دُنیا میں روشن کرے۔

| | |
|---|---|
| 1۔ علامہ محمد اقبال نے اپنی شاعری سے کیا پیغام دیا؟ | ج) |
| 2۔ علامہ محمد اقبال کا پسندیدہ پرندہ کون سا تھا؟ | ج) |
| 3۔ علامہ محمد اقبال کی کیا خواہش تھی؟ | ج) |



Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ دیے گئے اشاروں کی مدد سے بوجھیں کہ یہ کس شخصیت کے بارے میں ہیں اور اس شخصیت کے بارے میں نو جملے لکھیں۔ اور اُس شخصیت کی تصویر بھی خالی جگہ میں چسپاں کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء | بانیِ پاکستان | عظیم رہ نُما |
| کراچی | ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء | مشہور وکیل |

__________
__________
__________
__________
__________
__________
__________
__________
__________

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ سے متعلق معلومات حاصل کر کے سوالات بنائیں اور اُن کی مدد سے ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔

تاریخ:__________ دن:__________

سبق 11

# چار انوکھے دوست

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم سمجھ سکیں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی بھی چیز بے فائدہ نہیں ہے۔ چاروں موسم اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ ہمیں اس نعمت کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ اور بات چیت کے آداب کے بارے میں بھی بتائیں۔ استعجابیہ جملوں کی نشان دہی کر سکیں گے۔ فعل کی اقسام (ماضی، حال اور مستقبل) کو پہچان سکیں گے۔ پہیلیاں سُننے، سنانے اور بُوجھنے سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| لُطف اندوز | | کارستانی | |
| رضامندی | | رنجیدہ | |
| بہترین | | اُکتانا | |
| خفگی | | حامل | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ ان کے نام بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(ب) موسم سرما نے اپنی اہمیت کیسے بتائی؟

________________________________

________________________________

(ج) موسمِ گرما کے دو فائدے بتائیں۔

________________________________

________________________________

(د) اگر موسم ہمیشہ ایک جیسا رہے تو کیا ہو گا؟

________________________________

________________________________

(ہ) اگر آپ شیشم کے بوڑھے درخت کی جگہ ہوتے تو کیا فیصلہ کرتے اور کیوں؟

________________________________

________________________________

3۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملائیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
| --- | --- |
| درختوں کے پتّے جھڑتے ہیں۔ | موسمِ بہار میں |
| ٹھنڈے مشروبات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ | موسمِ سرما میں |
| رنگ رنگ کے پھول کھلتے ہیں۔ | موسمِ گرما میں |
| لوگ گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ | موسمِ خزاں میں |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

## ☆مل کر کریں بات

4۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ اگر آپ درخت ہوتے تو آپ کس طرح سے لوگوں کے کام آتے ؟

__________________________________________________

__________________________________________________

__________________________________________________

__________________________________________________

5۔ دی گئی پہیلیاں سُنیں اور بُوجھیں۔

پردے میں وہ چُھپ کر آیا
رُخ سے جب پردے کو ہٹایا
مُنھ سے تو وہ کچھ نہ بولا
لکھی ہوئی ہر بات کو تولا

دیکھی ہم نے رات کی رانی
آنکھ سے اُس کے ٹپکے پانی

لوگوں سے باتیں کروائے
باتوں پہ خرچہ آجائے

جواب: پہیلی 1:________ پہیلی 2:________ پہیلی 3:________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ دیے گئے الفاظ کا درست املا لکھیں اور اعراب لگا کر درست تلفُّظ ادا کریں۔

| خوب سورت | موصم | نسیحت | نیمت | لتف |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

دن:________ تاریخ:________

## ☆قواعد سیکھیں

فعل حال: **فعل حال** اُس **فعل** کو کہتے ہیں جس میں کس کام کا کرنا، ہونا یا سہنا موجودہ زمانے میں پایا جائے۔

فعل مستقبل: ایسا **فعل** جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا آنے والے زمانے میں پایا جائے اسے **فعل مستقبل** کہتے ہیں۔

فعل ماضی: **فعل ماضی** اُس **فعل** کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا گزرے ہوئے زمانے میں پایا جائے۔

7۔ دیے گئے جملوں کی نشان دہی کریں کہ کون سا جملہ فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل سے تعلق رکھتا ہے۔ نشان دہی کے بعد متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگائیں۔

| جملے | فعل ماضی | فعل حال | فعل مُستقبل |
|---|---|---|---|
| سورج مشرق سے نکلتا ہے۔ | | | |
| علی نے کھانا کھایا۔ | | | |
| کل احمد سکول جائے گا۔ | | | |
| اسد کرکٹ کھیلتا ہے۔ | | | |
| آمنہ آج رات کو بریانی بنائے گی۔ | | | |

Progressive Education Network

## ☆پڑھیں

8۔ درج ذیل نظم درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھیں اور سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

آؤ کریں موسم کی بات
سردی، گرمی اور برسات

گرمی آئے تو جائے جان
لُو سے ہو دنیا ہلکان

پھر جب آ جائے برسات
بارش برسے دِن اور رات

دن:————— تاریخ:—————

سوالات:

| | |
|---|---|
| 1۔ نظم میں کتنے موسموں کا ذکر آیا ہے اور اِن کے نام بتائیں۔ | ج۔ |
| 2۔ سردی میں کیا ٹھنڈا پڑ جاتا ہے؟ | ج۔ |
| 3۔ برسات میں دن اور رات کیا ہوتا ہے؟ | ج۔ |
| 4۔ گرمی میں دُنیا کس وجہ سے ہلکان ہوتی ہے؟ | ج۔ |

## ☆حروفِ استعجاب

حروفِ استعجاب وہ کلمات ہیں، جو کسی چیز کو دیکھ کر تعجب یا حیرت کے اظہار کے لیے بولے جاتے ہیں۔ مثلاً
سُبحان اللہ!، اَرے، واہ! وغیرہ

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

**سبحان اللہ!** کیا موسم ہے؟ **اَرے!** کتنا خوب صورت پرندہ ہے۔

اوپر جملوں میں نمایاں کیے گئے حروف "سبحان اللہ" اور "ارے" "حروفِ استعجاب" کہلاتے ہیں۔

9۔ دیے گئے حروفِ استعجاب کو جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| آہا | |
| اُف | |
| اوہو | |
| واہ رے | |
| یا اللہ | |
| اللہ اکبر | |
| تاکہ | |
| یعنی | |

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں۔

10۔دی گئی تصویر کو دیکھ کر بتائیں کہ یہ کس موسم کی تصویر ہے؟اور اس تصویر کے بارے میں دس جملے لکھیں۔



Progressive Education Network

11۔ویب سائٹwww.ibtada.comکی مدد سے کوئی اخلاقی یا مزاحیہ کہانی پڑھیں اور پھر کمرہ جماعت میں اپنے ساتھیوں کو بھی سنائیں۔یا،ایک چارٹ پر اپنے پسندیدہ موسم کا منظر،لباس،مشروبات،سبزیاں اور پھل بنائیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 12

# ہم ایک ہیں

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ بھائی چارے کا سبق سیکھ یں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ مل جل کر رہنا بہت اچھی بات ہے۔ اور مل جل کر رہنے کے بہت سے فائدے بھی ہیں۔ اس کہانی کو سننے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ ہجرتِ مدینہ کے بارے میں جان سکیں گے کہ یہ ہجرت کس مقصد کے لیے کی گئی۔

☆1۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مہاجر کسے کہتے ہیں؟

______________________________

______________________________

(ب) ہجرتِ مدینہ کسے کہتے ہیں؟

______________________________

______________________________

(ج) مل جل کر رہنے کے دو فائدے لکھیں۔

______________________________

______________________________

(د) مسلمان ترقی یافتہ قوم کیسے بن سکتے ہیں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:____________ تاریخ:____________

2۔ دیا گیا پیراگراف غور سے سنیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

عید کی سب سے زیادہ خوشی بچّوں کو ہوئی۔ گوشت بانٹنے سے وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ یہ قربانی انھوں نے دی ہے۔ ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا تھا، سب نے نماز پڑھی۔ نماز کے بعد دستر خوان بچھا کر کھانا لگایا گیا۔ سب کو بہت بھوک لگ رہی تھی۔ سب نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کھانا شروع کیا۔ آج کا خاص کھانا قورمہ، کباب اور پلاؤ تھا۔ کھانے کے بعد سارے گھر والے عید میلا دیکھنے چلے گئے۔ قربانی دینے والوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اُس نے انھیں اپنی راہ میں قربانی دینے کی توفیق بخشی۔

| | |
|---|---|
| 1۔ بچوں کو سب سے زیادہ عید کی خوشی کیوں ہوئی؟ | |
| 2۔ عید کے دن کا خاص کھانا کون سا تھا؟ | |
| 3۔ قُربانی دینے والوں نے اللہ تعالیٰ کا شکریہ کس بات کے لیے ادا کیا؟ | |

3۔ دیے گئے فعل ماضی کے جملوں کو فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| سہیل بازار گیا تھا۔ | | |
| ثاقب نے کھانا کھایا تھا۔ | | |
| کل تیز آندھی آئی تھی۔ | | |
| بِلّی نے دودھ پیا تھا۔ | | |
| رضا نے سائیکل چلائی تھی۔ | | |

4۔ اپنے یادگار تہوار کا احوال پانچ جملوں میں لکھیں۔

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |



Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

5۔ دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں۔ اِن میں سے اسم معرفہ اور اسمِ نکرہ تلاش کر کے متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فیصل مسجد | لڑکا | درّۂ خیبر | کُرسی |
| گاؤں | کراچی | کِتاب | قائدِ اعظم |

| اسم معرفہ | اسم نکرہ |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

6۔ آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے اور اُس کے کھیلنے کا کیا طریقۂ کار ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھ کر بتائیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

سبق 13

# پاک وطن ہے پاکستان

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ہمارے وطن پاکستان کا جھنڈا امن اور آزادی کی علامت ہے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ ہمارے وطن کے مناظر بہت خوبصورت ہیں اور ہم اپنے وطن کی خاطر ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیّار ہیں۔ تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں گے۔ واحد اور جمع کا فرق جملوں میں بیان کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| فضائیں | | ہمّت | |
| پَربَت | | امن | |
| نِرالا | | متوالے | |
| گُلشن | | ہریالا | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) نظم کے مطابق "گلشن" سے کیا مراد ہے؟

______________________________

(ب) پاکستان کے لوگ کیسے ہیں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(ج) نظم میں سے اپنی پسند کا بند لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

(د) وطن سے محبت کیوں ضروری ہے؟

______________________________

______________________________

(ہ) دوسرے بند میں پاکستانی جھنڈے کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟

______________________________

______________________________

3۔ خالی جگہ میں چھوڑے ہوئے مصرعے لکھ کر اشعار مکمل کریں۔

چاند سِتارے والا جھنڈا پھولوں اور کلیوں کا جہاں

______________ ______________

پاک ہے مٹّی ، پاک ہوائیں غیرت والے ہِمّت والے

______________ ______________

امن اور آزادی کا نشان

______________



Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

4۔ پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاقائی لباس اور مُتعلقہ علاقے کے بارے میں بنیادی معلومات اکٹھی کریں اور نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کا پہلا حرف بدل کر نئے الفاظ اپنی کاپی میں لکھیں۔

مثال:

| | | |
|---|---|---|
| ذات | رات | بات |

| | | |
|---|---|---|
| کھولے | | |
| چال | | |
| کار | | |
| گاؤں | | |

## ☆قواعد سیکھیں

6۔ دیا گیا پیراگراف غور سے پڑھیں اور ان میں دیے ہوئے مذکر اسما مؤنث اور مؤنث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

عائشہ اپنے__________اور امّی کے ساتھ چڑیا گھر کی سیر کے لیے گئی۔ چڑیا گھر میں اُس نے رِیچھ اور__________ دیکھی۔ وہ__________اور کبوتری کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ وہاں اُس نے ہرن اور__________کو گھاس چرتے ہوئے دیکھا۔__________بھی اُونٹنی کے ساتھ کھڑا تھا۔

دن:______ تاریخ:______

7۔ دیا گیا پیراگراف پڑھیں۔ خط کشیدہ جمع الفاظ کے واحد نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھ کر اِنھیں جملوں میں استعمال کریں۔

قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کے ہم پر بہت سے احسانات ہیں، جن میں سے ایک یہ ہے کہ انھوں نے ہمارے لیے آزاد وطن حاصل کیا۔ پاکستان بہت خوبصورت ملک ہے۔ یہاں بہت خوبصورت سیّاحتی مقامات، باغات اور گھنے جنگلات ہیں۔ پاکستان کے اپنے ہم سایہ ملک کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں۔ ۱۴/ اگست کے موقع پر پورے ملک میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

1۔______

2۔______

3۔______

4۔______

5۔______

## ☆ کچھ نیا لکھیں

8۔ دیے گئے اشاروں کی مدد سے "ہمارے وطن" کے بارے میں دس جملے لکھیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکستان | 14 اگست 1947ء | قائدِ اعظمؒ | چار صوبے | سر سبز کھیت | اونچے اونچے پہاڑ | وطن سے پیار |

______

______

______

______

______

Progressive Education Network

## ☆ آؤ کریں کام

9۔ ذرائع ابلاغ کی مدد سے مِلّی نغمہ "چاند میری زمیں پھول میرا وطن" پڑھیں یا سنیں۔ اس پر ٹیبلو تیار کریں اور سکول کی اسمبلی میں پیش کریں۔



دن:__________ تاریخ:__________

# حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا

سبق 14

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی پہلی بیوی تھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ جان سکیں گے کہ بچوں میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مردوں میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سب سے پہلے نبی کریم ﷺ پر ایمان لائے۔ تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں گے۔ اِستفہامیہ، اقراری اور انکاری جملوں کو ایک دوسرے میں تبدیل کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| معزّز | | مُفید | |
| نیک سیرت | | کڑا وقت | |
| طاہرہ | | مُنافع | |
| ہَم راہ | | برس | |

2۔ سبق کے مطابق خالی جگہ میں درست الفاظ لکھ کر جملے مکمل کریں۔

1۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا مکّہ مکرمہ کی ایک __________ اور مال دار خاتون ہیں۔

2۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا دن رات نبی کریم ﷺ کی __________ کرتیں۔

3۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے نبی کریم ﷺ کو شادی کا __________ دیا۔

4۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا اپنا __________ تاجروں کے ہاتھ دوسرے ملکوں میں بھیجتی تھیں۔

5۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا بہت نیک دل اور __________ تھیں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سامان کون سے ملک لے کر گئے ؟

______________________________

______________________________

(ب) نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تو حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انھیں کن الفاظ میں تسلّی دی ؟

______________________________

______________________________

(ج) حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی کن خوبیوں سے متاثر ہوئیں ؟

______________________________

______________________________

(ج) "اُمّ المومنین" کا کیا مطلب ہے ؟

______________________________

(د) حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

______________________________

______________________________

4۔ سبق کے مطابق درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی عمر تھی: | تیس سال | چالیس سال |
| 2۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کرتی تھیں: | کھیتی باڑی | تجارت |
| 3۔ عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لائیں: | حضرت خدیجہؓ | حضرت عائشہؓ |
| 4۔ مکّہ مکرمہ کے لوگ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کو کہتے تھے: | طاہرہ | صادقہ |
| 5۔ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر پہلی وحی نازل ہوئی: | غارِ ثور میں | غارِ حرا میں |



Progressive Education Network

دن:_______ تاریخ:_______

## ☆مل کر کریں بات

5۔دی گئی عبارت غور سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات دیں۔

اسلامی معاشرے میں مسجد کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ مسجد مسلمانوں کی عِبادت کا مرکز ہے۔ یہاں دِن میں پانچ مرتبہ باجماعت نماز ادا کرتے ہیں۔ ایک ہی صف میں کھڑے ہونے سے اُن میں مساوات کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اِس کے علاوہ بچے مسجد میں قرآنِ مجید کی تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں۔ مسجد کے کچھ آداب ہیں، جن کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے۔ جیسے:

- مسجد میں صاف ستھرا لباس پہن کر جانا چاہیے۔
- مسجد میں شور شرابا نہیں کرنا چاہیے۔
- مسجد کی صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔
- مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں اور باہر نکلتے وقت بایاں پاؤں باہر رکھنا چاہیے۔

| | |
|---|---|
| 1۔اسلامی معاشرے میں مسجد کو کیا حیثیت حاصل ہے؟ | ج) |
| 2۔مسجد کے تین آداب بتائیں۔ | 1۔ |
| | 2۔ |
| | 3۔ |
| 3۔بچّے مسجد میں کس چیز کی تعلیم حاصل کرتے ہیں؟ | ج) |

## ☆لفظوں کا کھیل

دیا گیا پیراگراف غور سے پڑھیں۔

عمران کے سکول میں دوڑ کا مقابلہ ہوا۔ کُل پانچ بچوں نے مقابلے میں حصہ لیا۔ مقابلہ شروع ہوا تو احمد سب سے آگے تھا لیکن کچھ ہی دیر میں علی نے اُسے پیچھے چھوڑ دیا اور پہلے نمبر پر آ گیا۔ دوسرے نمبر پر ہارون اور تیسرے نمبر پر حسن آیا۔ جیتنے والے بچّوں کو انعام دیا گیا۔

6۔درست عددی ترتیب لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔چڑیوں میں______چڑیا بڑی ہے۔ | تیسرا | تیسری | تیسرے |
| 2۔احمد نے______غبارہ پھاڑ دیا۔ | آٹھواں | آٹھوِیں | آٹھویں |
| 3عائشہ دوڑ میں______نمبر پر آئی۔ | پانچواں | پانچوِیں | پانچویں |
| 4۔ڈبّوں میں______ڈبّا کھلّا ہے۔ | نواں | نوِیں | نویں |
| 5۔سارہ______جماعت میں پڑھتی ہے۔ | ساتواں | ساتوِیں | ساتویں |

## ☆قواعد سیکھیں

7۔خط کشیدہ الفاظ کے مؤنث لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| |
|---|
| 1۔**راجا** اور______سیر کے لیے گئے۔ |
| 2۔**دھوبی** اور______نے کپڑے دھوئے۔ |
| 3۔**خالُو** نے______کو خط لکھا۔ |
| 4۔میرے **ماموں جان** اُستاد اور______ڈاکٹر ہیں۔ |
| 5۔**چچا** اور______کل لاہور جائیں گے۔ |

### اِستفہامیہ، اقراری اور اِنکاری جملے

Progressive Education Network

| کالم:الف | کالم:ب | کالم:ج |
|---|---|---|
| کیا یہ تمھاری کتاب ہے؟ | جی ہاں! یہ میری کتاب ہے۔ | یہ میری کتاب نہیں ہے۔ |
| کیا ہم میچ کھیلیں گے؟ | جی ہاں! ہم میچ کھیلیں گے۔ | ہم میچ نہیں کھیلیں گے۔ |

کالم:الف میں دیے ہوئے جملوں میں کوئی نہ کوئی سوال پوچھا جارہا ہے۔اِس لیے یہ "استفہامیہ جملے"ہیں۔کالم:ب میں دیے ہوئے جملوں میں اِستفہامیہ جملوں کے جواب میں اقرار کیا گیا ہے،اِس لیے یہ "اِقراری جملے"ہیں جب کہ جن جملوں میں اِستفہامیہ جملوں کے جواب میں اِنکار کیا گیا ہے۔وہ جملے جن میں کسی بات کا انکار کیا جائے "اِنکاری جملے کہلاتے ہیں۔

8۔ دیے گئے اِستفہامیہ جملوں کو اِقراری اور انکاری جملوں میں تبدیل کریں۔

| اِستفہامیہ جملے | اِقراری جملے | اِنکاری جملے |
|---|---|---|
| کیا علی نے کھانا کھایا تھا؟ | | |
| کیا لڑکوں نے فٹ بال کھیلا تھا؟ | | |
| کیا سڑک پر بھیڑ تھی؟ | | |
| کیا کل رات بارش ہوئی تھی؟ | | |
| کیا حسن نے سبق پڑھا تھا؟ | | |

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے بارے میں دس ایسے جملے لکھیں، جن کے درمیان ربط موجود ہو۔

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ گھر اور سکول میں پیش آنے والے مختلف مسائل کی فہرست بنائیں۔ اُن سے متعلق بات چیت کریں اور اُن کے حل کے لیے تجاویز بھی دیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 15

# وہ کون تھا؟

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ وہ الفاظ کا درست تلفّظ اور مفہوم بتا سکیں گے۔ بچّے اسلام کی رو سے شہید کے مقام اور مرتبے کے بارے میں جان سکیں گے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ راشد منہاس شہید نے اپنے وطن کے لیے جان قُربان کر دی۔ ہمیں چاہیے کہ ہم بھی اپنے وطن کے لیے کسی قُربانی سے دریغ نہ کریں۔ تیس سے چالیس تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں گے۔ اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ کی پہچان کر کے بتا سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| دَستہ | | تہیّہ | |
| مشقی پرواز | | گتھم گُتّھا | |
| جَست | | بے مِثال | |
| مُستَعِد | | اعزاز | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| |
|---|
| 1۔ پاک فضائیہ کی تربیت حاصل کرنے والے ہوا بازوں کا________اپنی مشقی پرواز کے لیے تیار تھا۔ |
| 2۔ نوجوان نے اپنے طیّارے کا________سٹارٹ کیا۔ |
| 3۔ طیّارہ پوری رفتار سے نیچے کی طرف آیا اور________سے ٹکرا گیا۔ |
| 4۔ طیّارہ رُکتے ہی مطیع الرحمٰن نے ایک________لگائی اور زبردستی طیّارے میں بیٹھ گیا۔ |
| 5۔ شہادت کے وقت راشد منہاس کی عمر تقریباً________سال تھی۔ |

Progressive Education Network

3۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مطیع الرحمٰن طیّارے کو کیوں اغوا کرنا چاہتا تھا؟

______________________________

______________________________

(ب) راشد منہاس نے کنٹرول ٹاور کو کیا پیغام دیا؟

______________________________

______________________________

(ج) راشد منہاس نے طیّارہ کیوں تباہ کر دیا؟

______________________________

(د) اگر آپ راشد منہاس کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

______________________________

______________________________

## ☆مل کر کریں بات

Progressive Education Network

4۔ دی گئی تصویروں کو دیکھ کر کہانی بنائیں اور نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔



______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دیے گئے اعداد کو لائن لگا کر لفظی گنتی سے ملائیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴ | ۳۱ | ۳۹ | ۳۲ | ۳۵ | ۳۸ | ۳۶ | ۳۳ | ۳۷ | ۴۰ |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنتالیس | بتّیس | چونتیس | پینتیس | اکتیس | سینتیس | چالیس | اڑتیس | چھتّیس | تینتیس |

## ☆قواعد سیکھیں

6۔ تصاویر پہچانیں، اسمِ معرفہ کے گرد ڈبّا ☐ بنائیں اور اسمِ نکرہ کے گرد دائرہ ◯ لگائیں۔










7۔ اوپر دیے گئے اسم معرفہ یا اسمِ نکرہ میں سے کوئی سے تین الفاظ چُن کر اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

دن:______ تاریخ:______

8۔ دی گئی تصویر سے متعلق فعل ماضی کے پانچ جملے کاپی میں لکھیں اور پھر انھیں فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔



| |
|---|
| 1۔ |
| 2۔ |
| 3۔ |
| 4۔ |
| 5۔ |

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ ایک طالبِ علم کی حیثیت سے آپ اپنے وطن کے لیے کیا کرنا چاہیں گے؟ چھے جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

Pen
Progressive Education Network

## ☆پڑھیں

10۔دی گئی عبارت درست تلفّظ اور روانی سے پڑھیں اور سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

دوپہر کا وقت تھا اور دھوپ بہت تیز تھی۔دو مسلمان بھائی سائیکل پر سوار ایک قصبے کی طرف جا رہے تھے۔اچانک ایک ہندو لڑکا اُن کی سائیکل سے ٹکرا کر زخمی ہو گیا۔دونوں بھائی اُسے اُٹھا کر ہسپتال لے گئے۔ڈاکٹر نے لڑکے کو ابتدائی طبّی امداد دینے کے بعد جو دوا لکھ کر دی،وہ قریبی دواخانوں سے نہ ملی۔پتّا کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ دوا ۱۴ ۔کلو میٹر دور واقع شہر کے دواخانے سے ملے گی۔دونوں بھائیوں نے فاصلے کی پرواہ کیے بغیر شہر سے دوا لا کر دی۔یہ دونوں بھائی عزیز احمد اور سردار احمد تھے۔یہ وہی عزیز احمد ہیں، جنھیں ہم میجر عزیز بھٹّی شہید کے نام سے جانتے ہیں۔

سوالات:

1۔میجر عزیز بھٹّی شہید اور اُن کے بھائی نے زخمی ہندو لڑکے کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

______________________________

2۔اگر آپ میجر عزیز بھٹّی شہید اور اُن کے بھائی کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے ؟

______________________________

3۔اِس واقعہ سے آپ نے کیا سبق سیکھا؟

______________________________

4۔اگر آپ کسی کو تکلیف میں دیکھیں تو کیا کریں گے ؟

______________________________

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

11۔آغاز،عروج اور اِختتام کا خیال رکھتے ہوئے دیے گئے موضوع پر ایک منٹ کی تقریر کر کے کمرہ جماعت میں پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے | آتے ہیں جو کام دوسروں کے |

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 16

# اور صِلہ مِل گیا

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ کہانی یا عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے درست جوابات دے سکیں۔ اپنی جماعت کی معیار کے مطابق دی گئی کہانی کا اختتام تبدیل کر کے لکھ سکیں۔ جملوں کو زمانہ ماضی اور حال کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں گے۔ اِستفہامیہ، اقراری اور انکاری جملوں میں فرق کر سکیں گے۔ مکالماتی گفتگو میں حصّہ لے سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| پھوٹ پھوٹ کر رونا | | اُداسی | |
| مُوسلا دھار بارش | | فِکر مند | |
| زَرخیز | | نَصب کرنا | |
| پروان چڑھنا | | رحم دلی | |

2۔ سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ چڑیا پھول پر بیٹھی: | گلاب کے | گیندے کے |
| 2۔ ننھے پودے کو رحم آ گیا: | فاختہ کے | چڑیا کے |
| 3۔ سڑک پر بچّے کھیلتے تھے: | فٹ بال | کرکٹ |
| 4۔ باتیں کرتے کرتے گُزر گئی: | رات | شام |
| 5۔ لوگوں نے اِردگرد باڑ لگائی: | پارک کے | باغ کے |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) چڑیا کیوں اُداس تھی؟

______________________________

______________________________

(ب) چڑیا نے اپنے سونے کا کیا طریقہ بتایا؟

______________________________

______________________________

(ج) پودے کو رحم دلی کا کیا صِلہ ملا؟

______________________________

(د) اگر آپ پودے کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

______________________________

______________________________

(ہ) اِس کہانی میں آپ کو کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا ہے اور کیوں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

4۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ایسی صورتِ حال میں آپ کیا کریں گے، اگر:

| | |
|---|---|
| 1۔ کوئی معذور شخص سڑک پار کرنا چاہتا ہو تو: | 2۔ جماعت کا کوئی ساتھی کھانے کا ڈبّا گھر بُھول آیا ہو: |
| 3۔ کسی کو پیاس لگی ہو: | 4۔ راستے میں پتّھر پڑا ہو: |
| 5۔ آپ کے پاس دو پنسلیں ہوں اور آپ کے دوست کے پاس کوئی نہیں: | |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ درست الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

1۔ ہم نے__________کی سیر کی۔

2۔ آسمان پر__________اُڑ رہی تھی۔




3۔ بچوں نے__________کی سواری کی۔

4۔ بوڑھے شخص کے ہاتھ میں__________ہے۔




5۔ پنجرے میں__________ہے۔

6۔ سارہ نے گملے میں__________لگایا۔




7۔ میرے ابّو کے پاس ایک__________ہے۔

8۔ رانی کے گلے میں سونے کا__________ہے۔




## ☆قواعد سیکھیں

6۔ دیے گئے سادہ جملوں کو فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔

Pen Progressive Education Network

| | | |
|---|---|---|
| سادہ جملے | موسمِ بہار میں پھول کِھلیں گے۔ | بلّی دودھ پیتی ہے۔ |
| فعل ماضی | | |
| سادہ جملے | مالی نے پودوں کو پانی دیا۔ | احمد نے کتاب خریدی۔ |
| فعل حال | | |
| سادہ جملے | ہم نے مری کی سیر کی۔ | بچے میدان میں فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ |
| فعل مستقبل | | |

دن:————— تاریخ:—————

7۔ دیے گئے جملوں میں سے اِستفہامیہ، اقراری اور انکاری جملے تلاش کر کے مُتعلقہ خانوں میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| کیا احمد سکول گیا تھا؟ | جی ہاں! یہ میری کتاب ہے۔ | جی نہیں! یہ میری قلم نہیں ہے۔ |
| جی ہاں! سارہ نے کھانا کھا لیا تھا۔ | جی نہیں! علی نے کام ختم نہیں کیا۔ | کیا باجی نے کھیر پکائی تھی؟ |

| اِستفہامیہ جملے | اِقراری جملے | اِنکاری جملے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ کہانی "اور صِلہ مِل گیا" کا اختتام بدل کر اپنے الفاظ میں لکھیں۔

دن:______ تاریخ:______

سبق 17

# ہم نے دیکھا ایک روبوٹ

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ دُنیا کا پہلا روبوٹ مسلمان انجینئر ابو العز الجزری نے بنایا تھا۔ اور روبوٹ ایک مشین ہے، جسے انسان نے بنایا ہے۔ اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایک مزاحیہ نظم ہے۔ بچوں کو طنز و مزاح کا فرق بتائیں۔ استعجابیہ جملوں کی نشان دہی کر سکیں گے۔ معنی کے لحاظ سے متضاد الفاظ کو سمجھ کر بول / لکھ سکیں گے۔ لطیفے سننے اور سنانے سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| روبوٹ | | فوراً | |
| اووَر کوٹ | | مُڑ جانا | |
| ٹِم ٹِم جلنا | | دھیرے دھیرے | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) روبوٹ کیسے چلتا تھا؟

______

(ب) روبوٹ کی ناک کیسی تھیں؟

______

______

(ج) ٹِم ٹِم جلنے سے کیا مراد ہے؟

______



Progressive Education Network

(د)روبوٹ کو جب لوٹنے کا کہتے تھے تو وہ کیا کرتا تھا؟

(ہ)انسان اور روبوٹ میں کیا فرق ہے؟

3۔کالم:الف کو کالم:ب سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔

| کالم:الف | کالم:ب |
| --- | --- |
| دھیرے دھیرے چلتا تھا وہ | آنکھیں تھیں جیسے اخروٹ |
| ناک تھی اُس کی آلو جیسی | ٹُم ٹُم، ٹُم ٹُم چلتا تھا وہ |
| فوراً واپس مڑ جاتا تھا | پہنے تھا وہ اوور کوٹ |
| ہم نے دیکھا ایک روبوٹ | کہتے تھے جب اُس کو لَوٹ |

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

4۔دیا گیا واقعہ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات لکھیں۔

ایک دفعہ ایک یتیم بچّے کے پاؤں میں کانٹا چُبھ گیا۔وہ درد کی شدت سے رونے لگا۔ایک امیر گھڑ سوار کا اُدھر سے گزر ہوا۔ یتیم کو تکلیف میں دیکھ کر اُسے رحم آ گیا۔وہ گھوڑے سے اُترا اور اُس کے پاؤں سے کانٹا نکال دیا۔یتیم کو سکوں محسوس ہوا۔ گھُڑ سوار نے اُسے گھوڑے پر بٹھایا اور اُس کے گھر چھوڑ دیا۔چند دنوں بعد امیر آدمی کا انتقال ہو گیا۔ایک آدمی نے اُسے دیکھا کہ وہ جنّت میں ٹہل رہا ہے۔آدمی نے اُس سے پوچھا کہ آپ کو یہ مقام کیسے مِلا؟امیر آدمی نے اُسے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے۔اُس نے مجھے کانٹا نکالنے کے بدلے میں جنت کے باغ عطا کر دیے۔

| | |
|---|---|
| 1۔ یتیم بچہ کیوں رو رہا تھا؟ | ج) |
| | |
| 2۔ گھڑسوار نے بچّے کی مدد کیسے کی؟ | ج) |
| | |
| 3۔ آدمی نے امیر آدمی کو جنّت میں کیا کرتے دیکھا؟ | ج) |
| | |
| 4۔ اللہ تعالیٰ نے امیر آدمی کو جنّت کے باغ کیوں عطا کیے؟ | ج) |
| | |

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ مثال کے مطابق نئے الفاظ بنائیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

مثال: لفظ "سیر" کے اوپر تین نقطے لگائیں تو بنے گا: "**شیر**" شیر کو جنگل کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ لفظ "میتھی" کے اوپر سے دو نقطے ہٹا کر "ط" لگائیں تو بنے گا: | | |
| 2۔ لفظ "بل" کے نیچے دو نقطے اور لگائیں تو بنے گا: | | |
| 3۔ لفظ "چار" کے نیچے سے دو نقطے ہٹا دیں تو بنے گا: | | |
| 4۔ لفظ "چاک" کے نیچے سے نقطے ہٹا کر اوپر ایک نقطہ لگائیں تو بنے گا: | | |

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

6۔خط کشیدہ الفاظ کے درست متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| |
|---|
| امیر لوگوں کو ہمیشہ__________لوگوں کی مدد کرنی چاہیے۔ |
| 2۔ صبح سے__________تک بارش ہوتی رہی۔ |
| 3۔ہمارے گاؤں سے__________تک پکّی سڑک بن چکی ہے۔ |
| 4۔ ہمیں کام کرنے کے بعد ہی__________کرنا چاہیے۔ |
| 5۔روبوٹ سے بتّیاں جلانے اور__________کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ |

7۔دیے گئے جملوں میں سے اِستعجابیہ (حیرت کے) جملے تلاش کر کے دی ہوئی خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سُبحان اللہ !کیا خُوب صورت آواز ہے۔ | افسوس!میرا بٹوا گم ہو گیا۔ | اُفوہ!میری بات آپ کی سمجھ میں نہیں آئی۔ |
| لوگو!میری بات سنو۔ | واہ!کیا لذیذ کھیر ہے۔ | دروازے پر کون ہے؟ |
| اوہو!یہ چٹنی تو کھٹّی ہے۔ | یہ کتاب کِس کی ہے؟ | یااللہ!رحم فرما۔ |

**اِستعجابیہ جملے**

__________ __________

__________ __________

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ فرض کریں اگر آپ کو ایک روبوٹ مل جائے تو آپ اُس سے کیا کام لینا چاہیں گے اور کیوں؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

## ☆آؤ کریں کام

9۔ بچّوں کے رسائل / اخبارات یا میگزین میں سے لطیفے اور مزاحیہ نظمیں پڑھیں اور کمرہ جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں۔

10۔ ویب سائٹ https://rekhta.org.ebook/okhlaqo-kahaniyan-ebooksplang=ur سے اپنی پسند کی اخلاقی کہانیاں پڑھیں، ان پر مبنی کتابچہ تیار کریں اور اپنی لائبریری میں رکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 18

# ملکۂ کوہسار کی سیر

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ پاکستان میں سیر و سیاحت کے لیے بے شمار صحت افزا مقامات ہیں، جنھیں دیکھنے کے لیے دنیا بھر سے لوگ یہاں آتے ہیں۔ یہ لوگ "سیّاح" کہلاتے ہیں۔ اپنے اردگرد کے ماحول (اہم عمارات، قدرتی مناظر اور تفریحی مقامات وغیرہ) پر بات کر سکیں گے۔ چالیس سے پچاس تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں گے۔ تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں لکھ سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بے ساختہ | | گھڑیال | |
| تفریح | | اٹکھیلیاں | |
| بُلند و بالا | | خنکی | |
| مصنوعات | | فرمائش | |

2۔ سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ ٹھنڈی ہوا کے________نے وادیِ مری کے قریب آنے کی خبر دی۔

2۔ غیر ملکی________بڑی تعداد میں اِدھر اُدھر گھومتے آ رہے تھے۔

3۔ ایک بڑے سے________کے سامنے بچّوں نے تصویریں بنوائیں۔

4۔ "چھراپانی" کے قدرتی________کا پانی گاڑی کے تائروں پہ ڈالا گیا۔

5۔ فضا میں________بڑھ جانے کی وجہ سے واپسی کا ارادہ کیا گیا۔

3۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف)عائشہ اور اس کے گھر والے چھٹیوں میں سیر کے لیے کہاں گئے؟

---

---

(ب)"سیّاح" کسے کہتے ہیں؟

---

(ج)مال روڈ پر چہل پہل کیوں تھی؟

---

(د)اگر آپ عائشہ اور احمد کی جگہ ہوتے تو آپ کیا خریداری کرتے؟

---

---

(ہ)اگر آپ کو سیر کے لیے کہیں جانے کا موقع ملے تو آپ کس جگہ جانا پسند کریں گے اور کیوں؟

---

---

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

4۔ سیر و تفریح کے حوالے سے اپنے صوبے یا علاقے کی چند مشہور جگہوں کے نام بتائیں نیز یہ بھی بتائیں کہ وہاں آپ کو کون سی چیزیں اچھی اور کون سی ناگوار لگتی ہیں اور کیوں؟

---

---

---

دن:ــــــــــــــــ تاریخ:ــــــــــــــــ

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔درج ذیل ہندسوں کو لفظی گنتی لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳ | ــــــــــــ | ۵۰ | ــــــــــــ |
| ۴۷ | ــــــــــــ | ۴۱ | ــــــــــــ |
| ۴۵ | ــــــــــــ | ۴۶ | ــــــــــــ |
| ۴۹ | ــــــــــــ | ۴۴ | ــــــــــــ |
| ۴۲ | ــــــــــــ | ۴۸ | ــــــــــــ |

## ☆قواعد سیکھیں

6۔خط کشیدہ الفاظ کے درست مترادف لکھ کر جملے دوبارہ لکھیں۔

Progressive Education Network

**مترادف الفاظ** سے مراد وہ **الفاظ** ہوتے ہیں،جو لکھنے میں تو مختلف ہوں مگر ان کے معانی ایک ہی ہوں یا تقریباً ایک جیسے ہوں۔یہ **الفاظ** ایک دوسرے کے **مترادف** ہوتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔اللہ تعالیٰ نے ہمارے **وطن** کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ | |
| 2۔پاکستان میں سیر وسیاحت کے لیے انتہائی **حسین** جگہیں ہیں۔ | |
| 3۔ہمیں اپنے فرائض میں **غفلت** سے کام نہیں لینا چاہیے۔ | |
| 4۔باغ میں ہر طرف پھولوں کی **مہک** پھیلی ہوئی تھی۔ | |
| 5۔وادیِ مری کا خوب صورت منظر دیکھنے والوں پر ایک **جادو** طاری ہو جاتا ہے۔ | |

دن:————— تاریخ:—————

7۔ دیا گیا پیراگراف پڑھیں اور اس میں دیے ہوئے مذکر اسما کے مؤنث اور مؤنث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ایک دن عائشہ اپنے امّی ابّو کے ساتھ گاؤں گئی۔ وہاں اُس کے دادا جان،————تایا جان،————،————،اور چچی رہتے ہیں۔ اُنھوں نے گھر میں بہت سارے جانور پال رکھے ہیں۔ جیسے:————،طوطی،گھوڑا،————بیل اور———— وغیرہ۔ اُس نے وہاں مرغا اور————بھی دیکھے جو دانہ چگ رہے تھے۔ عائشہ نے گاؤں کی سیر سے خُوب لطف اُٹھایا۔

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ اپنے پسندیدہ سیاحتی مقام کی تصویر چسپاں کریں اور اُس سے متعلق دس مربوط جملے لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

## ☆آؤ کریں کام

9۔ نیچے دیے گئے موضوعات میں سے اپنی پسند کے موضوع پر ایک منٹ کی تقریر کر کے کمرہ جماعت یا اسمبلی میں پیش کریں۔

موضوعات: ملکی ترقّی میں تفریحی مقامات کا کردار قُدرتی مناظر کی اہمیت اہم تاریخی عمارات کی ضرورت و اہمیت

# سبق 19

# دِل دِل پاکستان

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ پاکستان کے کتنے صوبے ہیں اور اُن میں رہنے والے لوگوں کی ثقافت کیا ہے؟ بچے پاکستان کے صوبوں، اس کے مشہور شہروں اور قومی نشانات وغیرہ کے بارے میں جان سکیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی موضوع پر خود سے کم از کم دس مربوط جملے لکھ سکیں گے۔ روز مرّہ بول چال میں اعتماد سے حصّہ لے سکیں گے۔ تحریر میں عددی ترتیب کا درست استعمال کر سکیں گے۔ جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں گے۔

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بَھلا لگنا | | بَل کھاتے | |
| مِلن سَار | | بھائی چارہ | |
| جفاکش | | قائم ودائم | |
| بندرگاہ | | پرچم | |

Progressive Education Network

2۔ سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ لاہور کو کالجوں اور__________ کا شہر کہا جاتا ہے۔

2۔ صوبہ سندھ کا دارالحکومت__________ ہے۔

3۔ گلگت بلتستان کا مشہور کھیل__________ ہے۔

4۔ پاکستان کے لوگ بہت جفاکش اور__________ ہیں۔

5۔ قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی زندگی کے آخری دن__________ میں گزارے۔

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) پاکستان کا دِل کس شہر کو کہا گیا ہے اور یہ کس صوبے میں واقع ہے؟

______________________________

______________________________

(ج) دنیا کا بلند ترین پولو گراؤنڈ کہاں واقع ہے؟

______________________________

______________________________

(د) آپ کو اپنے وطن کی کون سی بات خاص لگتی ہے اور کیوں؟

______________________________

______________________________

(ہ) آپ کے خیال میں ہمیں ایسے کون سے کام کرنے چاہییں، جن کی وجہ سے ہمارا وطن ترقّی کرے؟

______________________________

______________________________

______________________________

Pen
Progressive Education Network

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## ☆مل کر کریں بات

4۔اپنے کسی ایسے دوست رشتے دار کا چند جملوں میں تعارف کروائیں، جو پاکستان کے کسی دوسرے صوبے یا علاقے میں رہتا ہو۔

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔مثال کے مطابق ایک عدد کی عددی ترتیب لکھیں۔

| ۱۲ | بارہ | بارھواں | بارھِویں | بارھویں |
|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | | | | |
| ۱۷ | | | | |
| ۱۳ | | | | |
| ۲۰ | | | | |
| ۱۸ | | | | |

## ☆قواعد سیکھیں

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| وہ **فعل** جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا گزرے ہوئے زمانے میں پایا جائے، **فعل ماضی** کہلاتا ہے۔ | **فعل حال** اُس **فعل** کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا موجودہ زمانے میں پایا جائے۔ | ایسا **فعل** جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا آنے والے زمانے میں پایا جائے اُسے **فعل مستقبل** کہتے ہیں۔ |

6۔خالی جگہ میں زمانے کے مطابق درست جملے لکھیں۔

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| رضا پشاور میں رہتا تھا۔ | | |
| | | احمد کراچی جائے گا۔ |
| | بچّے کرکٹ کھیلتے ہیں۔ | |
| دادی جان نے بچّوں کو کہانی سنائی۔ | | |
| | | احمد نماز پڑھے گا۔ |

## واحد جمع

دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| کہانی | کہانیاں | انگوٹھی | انگوٹھیاں |

اوپر دیے ہوئے واحد الفاظ کے آخر میں "اں" لگا کر ان کی جمع بنائی گئی ہے۔ایسے الفاظ جو مؤنث کے لیے بولے جاتے ہیں،ان کی جمع بنانے کے لیے واحد الفاظ کے آخر میں "اں" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

7۔جملوں کے سامنے دیے ہوئے واحد الفاظ کی جمع بنا کر خالی جگہ پُر کریں۔

1۔باغ میں—————اُڑ رہی تھیں۔ (تِتلی)

2۔لاہور میں بے شمار کالج اور—————ہیں۔ (یونی ورسٹی)

3۔آزاد کشمیر میں خوب صورت—————بہتی ہیں۔ (ندی)

4۔نانی جان نے بچّوں کو—————سنائیں۔ (کہانی)

5۔پُل کے اوپر سے—————گُزر رہی تھیں۔ (گاڑی)

6۔بادشاہ نے ملکہ کو تحفے میں—————دیں۔ (انگوٹھی)

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔دیے گئے اشاروں کی مدد سے پیارے وطن پاکستان کے بارے میں دس جملے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| کب وُجود میں آیا؟ | مشہور مقامات | صوبے، دارالحکومت |
| | **میرا وطن** | |
| قومی اور علاقائی زبانیں | مشہور کھانے | کس کی قیادت میں بنا؟ |

## ☆آؤ کریں کام

9۔ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ مل کر نیچے دیے ہوئے، موضوعات سے متعلق تصویری کِتابچہ بنائیں اور کمرہ جماعت میں اس کی نمائش کریں۔

| | |
|---|---|
| پاکستان کی مشہور تاریخی عمارتیں | پاکستان کے مشہور سیاحتی مقامات |



Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

سبق 20

# قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کو بانی پاکستان کہا جاتا ہے اور پاکستان کے پہلے گورنر جنرل تھے۔ اساتذہ بچوں کو تحریک پاکستان میں قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کے کردار اور ان کی زندگی سے متعلق ایسے واقعات سنائیں جن سے انھیں محنت اور لگن کا سبق ملے۔ اس کے ساتھ ساتھ موقع کی مناسبت سے آدابِ گفتگو (شکریہ، افسوس اور معذرت وغیرہ) کا استعمال کرنا جان سکیں گے۔ اسم معرفہ و نکرہ کی پہچان، متضاد الفاظ کو سمجھ کر لکھ سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| شادماں | | کارواں | |
| گلِستاں | | آبرو | |
| پاسباں | | دِل شاد | |
| راہ نُما | | بھٹکتے | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) ہمارا قومی نِشان کس طرح سے چمکا؟

______

______

(ب) ”تجھ سے رواں دواں ہے یہ کارواں ہمارا“ سے کیا مراد ہے؟

______

______

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

(ج) قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا ہم پر کیا احسان ہے؟

______________________________

______________________________

(د) ہمارا دل کس کے خیال سے شادماں ہے؟

______________________________

______________________________

(ہ) اس نظم کو پڑھ کر آپ قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی کن کن عادات کو اپنانا چاہیں گے؟ وجہ بتائیں۔

______________________________

______________________________

3۔ نظم کے مطابق بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر مصرعے درست کر کے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ہے ملی ہی تیری آبرو کو ہم سے عزّت | |
| ہمارا رواں کارواں دواں سے تجھ یہ ہے | |
| تھے بھٹکتے ہم پھرتے بتایا ہمیں رستہ | |
| ہے ہماری تازہ جواں جاں ہے دل ہمارا | |
| تھے رہے ہم سو آ کر جگایا ہمیں نے تُو | |

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

4۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ کام یاب ہونے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا چاہیے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

دن:________ تاریخ:________

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دیے گئے الفاظ کا درست اِملا لکھیں اور ان پر اعراب لگا کر درست تلّفظ ادا کریں۔

| | |
|---|---|
| رسطا | |
| رھنمائی | |
| تجویض | |
| زندگی | |
| الامت | |
| ورسا | |

6۔ مثال کے مطابق الفاظ بنائیں اور لکھیں۔

| اِکیس | اِکیسواں | اکیسوِیں | اکیسویں |
|---|---|---|---|
| تیئس | | | |
| چوبیس | | | |
| چھبیس | | | |
| اٹھائیس | | | |
| تیس | | | |

Progressive Education Network

## ☆قواعد سیکھیں

وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص، خاص جگہ، خاص جانور یا خاص چیز کے لیے استعمال کیا جائے، "اسمِ معرفہ" کہتے ہیں۔ مثلاً احمد، شیر، کراچی، قرآن پاک وغیرہ

وہ اسم ہے جو کسی عام شخص، عام جگہ، عام جانور یا عام چیز کے لیے استعمال کیا جائے، "اسمِ نکرہ" کہتے ہیں۔ مثلاً لڑکا، شہر، پرندہ، کتاب وغیرہ

7۔ دیے گئے جملے پڑھیں اور ان میں سے اِسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ کر کے متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

| جملے | اسم معرفہ | اسم نکرہ |
|---|---|---|
| احمد سکول میں پڑھتا ہے۔ | | |
| گُلاب ایک خوشبودار پھول ہے۔ | | |
| چین ہمارا ہمسایہ ملک ہے۔ | | |
| قرآن مجید آخری آسمانی کتاب ہے۔ | | |
| فیصل آباد ایک صنعتی شہر ہے۔ | | |

8۔ الفاظ کو لکیر کے ذریعے سے درست متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آزاد | خُوش |
| نیا | غُلام |
| جوان | کمزور |
| اُداس | بُوڑھا |
| طاقت ور | پُرانا |

9۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے گہرے دوست تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت مال دار آدمی تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہت خرچ کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کی خدمت کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیارے نبی ﷺ سے بہت محبت تھی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہر موقع پر رسولِ اکرم ﷺ کا ساتھ دیا۔ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ تھے۔

| | |
|---|---|
| 1۔ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ کون تھے؟ | ج) |
| 2۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟ | ج) |
| 3۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا مال کہاں خرچ کرتے تھے؟ | ج) |

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ دیے گئے اشاروں کی مدد سے بُوجھیں کہ یہ کس شخصیت کے بارے میں ہیں؟اس شخصیت کے بارے میں دس مربُوط جملے لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مصوّرِ پاکستان | بادشاہی مسجد | قومی شاعر | ۹نومبر ۱۸۷۷ء | شاہین | ”لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری“ |

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

11۔لائبریری سے نظموں کی کوئی کتاب حاصل کرکے یا انٹرنیٹ کی مدد سے قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق کوئی نظم پڑھیں اور کمرہ جماعت میں لَے، آہنگ اور ترنّم سے پڑھ کر سنائیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 21

## قدرتی آفات (سُنانے کا سبق)

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ قدرتی آفات کسے کہتے ہیں اور اگر کوئی قدرتی آفت آ جائے تو صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ساتھ دوسروں کی جانیں بچانے کے لیے کیا کیا اقدامات کرنے ضروری ہیں۔ فعل حال، فعل ماضی اور فعل مستقبل کے جملے بنانا، درست پڑھنا اور تفہیم نگاری سیکھ سکیں گے۔

### ☆ سمجھیں اور لکھیں

1۔ قُدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

2۔ قُدرتی آفات کو روکنے پر کون قادر ہے؟

______________________________

3۔ سیلاب سے بچاؤ کے لیے کیا کیا حفاظتی اقدامات کرنے چاہییں؟

______________________________

______________________________

4۔ مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کیسے کی جا سکتی ہے؟

______________________________

______________________________

5۔ ہنگامی حالات (سیلاب، زلزلہ، حادثہ وغیرہ) میں اپنے اور دوسروں کے بچاؤ کے لیے کیا کیا حفاظتی اقدامات کرنے چاہییں؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## سُننا/بولنا

2۔ دیے گئے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے ایک ایک جملہ لکھیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| السّلامُ علیکم | |
| مہربانی | |
| معاف کیجیے گا | |
| افسوس | |
| معذرت | |

## پڑھنا

3۔ دی گئی عبارت درست تلفّظ اور روانی سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات دیں۔

احمد ہر سال سکول میں کھیلوں کے مقابلے میں اوّل آتا ہے۔ اس سال بھی اُسے اُمید تھی کہ وہی یہ مقابلہ جیتے گا۔ دوڑ کا مقابلہ شروع ہوا۔ احمد ہمیشہ کی طرح سب سے آگے تھا۔ دوڑ ختم ہونے والی تھی کہ اچانک رضا تیز دوڑتا ہوا اُس سے آگے نِکل گیا اور یہ مقابلہ جیت گیا۔ احمد دوسری پوزیشن پر آنے کی وجہ سے اُداس تھا۔ اُستاد صاحب نے اُسے اُداس دیکھا تو اُسے سمجھایا کہ آپ نے اچھّی کوشش کی۔ اِس لیے اُداس مت ہوں۔ ہار جیت تو کھیل کا حصہ ہوتے ہیں۔ احمد کو یہ بات سمجھ آ گئی۔ اُس نے استاد صاحب کا شکریہ ادا کیا اور پھر جا کر رضا کو جیتنے پر مبارک باد دی۔

Progressive Education Network

## سوالات

| | |
|---|---|
| 1۔ احمد کس مقابلے میں اوّل آتا تھا؟ | |
| 2۔ احمد کیوں اُداس تھا؟ | |
| | |
| 3۔ اُستاد صاحب نے احمد کو کیا سمجھایا؟ | |
| | |

# زبان شناسی

4۔ دیے گئے مذکر کے مؤنث لکھیں۔

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| بیل | |
| بندر | |
| شیر | |
| ہاتھی | |
| چڑا | |

5۔ زمانے کے مطابق درست جملے لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| احمد نے کتاب خریدی۔ | | |
| | مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔ | |
| | | بچّے کرکٹ کھیلیں گے۔ |
| | احمد سبق یاد کرتا ہے۔ | |
| علی بازار گیا۔ | | |
| | امّی کھانا بناتی ہیں۔ | |
| | | لڑکیاں جھولا جھولیں گی۔ |

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

6۔ دیے گئے اِسمائے ضمیر کو جملوں میں استعمال کریں۔

| اسم ضمیر | جملے |
|---|---|
| اُنھیں | |
| آپ | |
| وہ | |
| مجھے | |
| اِس | |

7۔ جملوں کے سامنے دیے گئے جمع الفاظ کے واحد بنائیں اور خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| مسافر اپنی__________پر پہنچ گئے۔ | منزلیں |
| یہ تیز دھار__________ہے۔ | تلواروں |
| عاصم کو سکول سے__________ملا۔ | وظیفے |
| میں نے اخبار میں صاف پانی کی فراہمی سے متعلق__________پڑھا۔ | اِشتہارات |
| رضا نے لکڑی کی__________خریدی۔ | کُرسیاں |

8۔ ”وقت کی پابندی“ کے موضوع پر دس جملے لکھیں۔

__________

__________

__________

__________

__________

__________

__________

__________

__________

__________

Progressive Education Network

سبق 22

# بچّے کی دعا

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں کہ ہمیں دُعا صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیے کیوں کہ صرف وہی ہماری دعائیں سننے والی ذات ہے۔ تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں گے۔ اپنی پسند کی کہانیاں، ڈرامے اور نظمیں پڑھ کر نتائج اخذ کر سکیں۔ فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کی پہچان کر کے بتا سکیں گے۔ مُکالماتی گفت گو میں حصّہ لے سکیں گے۔

## نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| تمنّا | | پروانے | |
| شمع | | حمایت | |
| اُجالا | | درد مند | |
| زینت | | ضعیف | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا

2۔ بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر مصرعے درست کر کے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| دُور کا کام میری دُنیا سے جائے ہو اندھیرا | |
| راہ ہو جو نیک رَہ چلانا کو مجھ اُس پہ | |
| ہو مری زندگی کی صورت پروانے یارب | |
| اللہ! بچانا مجھ کو سے مرے برائی | |
| مِرا کام ہو کرنا کی حمایت غریبوں | |

دن:_______ تاریخ:_______

3۔ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

1۔جس طرح _______ سے ہوتی ہے چمن کی زینت
2۔ہر جگہ میرے چمکنے سے _______ ہو جائے
3۔_______ کی شمع سے ہو مجھکو محبّت یارب
4۔ہو مِرے _______ سے یونہی میرے وطن کی زینت
5۔_______ پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
6۔زندگی _______ کی صُورت ہو خُدایا میری

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

1۔ ایک طالبِ علم کو کس چیز سے محبّت ہونی چاہیے؟

_______________

_______________

2۔ علم حاصل کرنے کے دو فائدے لکھیں۔

_______________

3۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے دعا کیوں مانگنی چاہیے؟

_______________

_______________

4۔ نظم کے مطابق ”پروانے“ اور ”علم کی شمع“ سے کیا مراد ہے؟

_______________

_______________

5۔اِس نظم کے آخری شعر میں کیا دعا مانگی گئی ہے؟

_______________

_______________

Progressive Education Network

## ☆مل کر کریں بات

5۔دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں، ان سے متعلق کہانی بنائیں اور دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔





____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

6۔دی گئی پہیلیاں غور سے سُنیں اور بوجھیں۔

ایک سمندر تیس جزیرے
بِکھرے اِن میں موتی ہیرے
جو بھی اِن کی سیر کو جائے
مُفت میں ہیرے موتی پائے

چھوڑو مت تُم اِس کا ہاتھ
لے لو اِس کو ہاتھوں ہاتھ
چُپکے چُپکے عرش پہ جائے
تحفے لے کر واپس آئے

اُس کے ہوتے کچھ نہ کھایا
کھایا جب اُس کو نہ پایا

جواب:____________ ____________ ____________ ____________

دن:———— تاریخ:————

## ☆لفظوں کا کھیل

7۔مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں اور ہر لفظ کے آخری حرف سے اپنی کوئی خوبی بتا کر نیا لفظ بنائیں۔

| الفاظ | حروف | نیا لفظ / خُوبی |
|---|---|---|
| شہر | ش-ہ-ر | رحم دلی |
| کتاب | | |
| دیس | | |
| تمنّا | | |
| خاص | | |

## ☆قواعد سیکھیں

8۔خط کشیدہ مذکر الفاظ کے مؤنث الفاظ کے مذکر لکھ کر جملے مکمل کریں۔

1۔**بھائی** پھل لایا اور————نے چاٹ بنائی۔

2۔————اور **درزن** نے کپڑوں کی سلائی کی۔

3۔**کُمھار** اور————نے مٹّی کے برتن بنائے۔

4-————نے اخبار اور **امّی** نے کتاب پڑھی۔

5۔میرے **داداجان** اور————روز صبح سویرے سیر کے لیے جاتے ہیں۔

9۔دیے ہوئے جملوں میں سے **فعل ماضی**، **فعل حال** اور **فعل مستقبل** کے جملے الگ الگ کر کے متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

احمد نے ضرورت مند شخص کی مدد کی۔ مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔

لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔ ہم کل چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں گے۔

دانش نے نماز ادا کی۔ آمنہ ہمیشہ سچ بولتی ہے۔


| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ اچھے انسان میں کون کون سی عادتیں پائی جاتی ہیں؟ ذیل میں دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے ایک پیراگراف لکھیں۔




Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________